CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | بدھ، 3 جون 2026ء، 17 ذوالحج 1447ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 154

توانائی ضروریات کیلئے کام ہو رہا ہے، وزیراعظم

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں سرمایہ کاری میں اضافہ اور معیشت کی مجموعی ترقی کے لیے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

ملکی معیشت کی پائیدار ترقی کے لیے صنعت و حرفت کا فروغ اور بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ ناگزیر ہے اور برآمدات بڑھانا ضروری ہے، قرار: وزیراعظم شہباز شریف

مستقبل کی توانائی کی ضروریات متبادل ذرائع سے پوری کرنے کے لیے جامع حکمت عملی پر کام جاری ہے اور الیکٹرک وہیکلز پالیسی کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا

تمام وزارتیں باہمی تعاون اور ہم آہنگی سے موثر ترقیاتی پالیسیز پر عملدرآمد کریں جبکہ شفافیت اور بہترین کارکردگی حکومت کی اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت سرمایہ کاری میں اضافہ اور معیشت کی مجموعی ترقی کے لیئے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسی اقدامات پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت کی پائیدار ترقی کے لئے صنعت وحرفت کا فروغ اور بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ ناگزیر ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق صنعتی مصنوعات کی، ملکی پیداور میں اضافہ کے ساتھ ساتھ، برآمدات بڑھانے کے لیے موثر پالیسی اقدامات حکومت پالیسی ترجیحات کا حصہ ہے، صنعت وتجارت اور معیشت کے مختلف شعبہ جات میں اصلاحات طویل المدتی معاشی افادیت اور عوامی فلاح پر مرکوز ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل کی توانائی کی ضروریات (بقیہ نمبر 1)

ووٹ ملے نہ ملے گلگت میں سہولیات فراہم کروں گا، نواز شریف

سابق وزیراعظم کا گلگت بلتستان میں ترقیاتی منصوبے خود مکمل کرنے کا بڑا اعلان

گلگت (نیوز ڈیسک) قائد مسلم لیگ ن کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ ووٹ ملے نہ ملے گلگت بلتستان میں سہولیات فراہم کروں گا۔ سابق وزیر اعظم (بقیہ نمبر 2)

شانگلہ میں کچے مکان کی چھت گرنے سے چھ بچے جاں بحق

تحصیل الپوری میں افسوس ناک حادثہ، ملبے تلے دب کر پانچ لڑکیاں اور ایک لڑکا چل بسا

شانگلہ (نیوز ڈیسک) صوبہ خیبر پختونخوا کے پہاڑی ضلع شانگلہ میں ایک نہایت افسوس ناک واقعہ پیش آیا ہے جس میں ایک مکان کی چھت گرنے سے 6 بچے جاں بحق ہو گئے (بقیہ نمبر 3)

حکومت کا بڑا فیصلہ، ڈسکوز نجکاری عمل باضابطہ شروع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے توانائی شعبے میں بڑے اصلاحاتی فیصلوں کا عندیہ دیا ہے، بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی نجکاری کا عمل شروع کر دیا گیا (بقیہ نمبر 4)

انتہائی مطلوب خاتون منشیات فروش شیریں دو بیٹوں سمیت گرفتار

ملزمہ کا پورا خاندان منظم نیٹ ورک میں ملوث، پینتیس مقدمات اور دستی بم برآمدگی کا ریکارڈ

کراچی (نیوز ڈیسک) ڈرگ کوئین انمول پنکی کے بعد انتہائی مطلوب منشیات فروش شیریں عرف شرینہ کو گرفتار کرلیا گیا، ملزمہ کا پورا خاندان منشیات کے منظم نیٹ ورک میں ملوث ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں ڈسٹرکٹ ایسٹ پولیس نے گلستانِ جوہر میں خفیہ اطلاع (بقیہ نمبر 5)

جعلی دواؤں کے خاتمے کے لیے بار کوڈ لازمی

وفاقی کابینہ نے ادویات کے لیے ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کی منظوری دے دی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے ملک سے جعلی دواؤں کے خاتمے اور ان کی پہچان آسان بنانے کے لیے انقلابی قدم اٹھا لیا ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق وفاقی حکومت نے ملک سے جعلی دواؤں کے خاتمے اور عام شہریوں کے لیے ان ادویات کی پہچان کو آسان بنا (بقیہ نمبر 6)

قتل کیس کے ملزم کا جیل انتظامیہ پر رشوت کا الزام

عدالت میں پیشی کے لیے بھی پیسے مانگے جاتے ہیں، ملزم ارمغان کے سنسنی خیز انکشافات

کراچی (نیوز ڈیسک) مصطفیٰ عامر قتل کیس کے ملزم ارمغان نے جیل انتظامیہ پر پیسے لینے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا پیشی پر پیش کرنے کے بھی پیسے مانگے جاتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق انسدادِ دہشت گردی عدالت میں مصطفیٰ عامر قتل کیس سمیت دیگر 6 مقدمات کی سماعت ہو (بقیہ نمبر 7)

بجٹ سے قبل حکومت کو بڑا مالی جھٹکا

آئینی عدالت نے پولٹری فیڈ ملز پر اضافی ٹیکس غیر قانونی قرار دے دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک): وفاقی بجٹ پیش کیے جانے سے چند دن قبل آئینی عدالت سے حکومت کو ریونیو کی مد میں بڑا جھٹکا لگ گیا ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق (بقیہ نمبر 8)

بلوچستان ہائی الرٹ: بارشیں، آندھی اور ژالہ باری کی وارننگ جاری

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) 4 جون سے بارشوں اور ژالہ باری کی پیشگوئی کے پیش نظر پی ڈی ایم اے نے ہائی الرٹ جاری کر دیا، جس میں تمام ڈپٹی کمشنرز کو پیشگی اقدامات کی ہدایت کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پرو (بقیہ نمبر 44)

ٹرمپ نیتن یاہو پر برس پڑے، پاگل اور ناشکرا قرار

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کو پاگل قرار دے دیا۔ امریکی ویب سائٹ کی رپورٹ کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے ٹیلیفونک گفتگو (بقیہ نمبر 43)

پڑوسی گرفتار، خاتون کو ہراساں کرنے کا مقدمہ درج

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد میں رضویہ سوسائٹی پولیس نے جہانگیر آباد میں خاتون کو نازیبا اشارے اور گھر میں گھس کر ہراساں کرنے کے الزام میں پڑوسی کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ خاتون کی جانب سے گرفتار ملزم (بقیہ نمبر 10)

پاکستان کو معاشی و سیاسی بحران سے نکالنے کیلئے قومی اتفاق رائے ناگزیر: شاہ محمود

بجٹ منظور ہو جائے گا مگر عوامی توقعات پر پورا اترنا ایک بار پھر مشکل ہوگا ثابت ہوتا ہے

سیاسی تقسیم کے ماحول میں آئی ایم ایف شرائط سے نجات مشکل دکھائی دیتی ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریکِ انصاف کے سینئر رہنما شاہ محمود قریشی نے جیل سے وکیل رانا مدثر کے ذریعے بیان جاری کر دیا، ان کا کہنا تھا کہ سیاسی حمایت کے بغیر کوئی معاشی منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا، بجٹ تو منظور ہو جائے گا لیکن عوام کی توقعات پر پورا اترنے میں ایک بار پھر ناکامی ہوگی۔ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بجٹ 2026-27 اپوزیشن کی شرکت یا عدم شرکت کے باوجود منظور ہو جائے گا، سیاسی تقسیم کے ماحول میں آئی ایم ایف کی شرائط سے نجات مشکل دکھائی دیتی ہے، پاکستان کو معاشی و سیاسی بحران سے نکالنے کیلئے قومی اتفاق رائے ناگزیر ہے، سیاسی قیادت اور معاشی ماہرین کو ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر مشترکہ ایجنڈا اپنانا ہوگا۔ وائس چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ سیاسی حمایت کے بغیر (بقیہ نمبر 11)

اسرائیل لبنانی حدود سے نکل جائے، پاکستان

پاکستان نے لبنان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت کے احترام اور فوری جنگ بندی کا مطالبہ کیا، اقوام متحدہ کی قراردادوں پر مکمل عمل درآمد پر زور دیا گیا

اسرائیلی کارروائیوں اور زمینی دراندازی میں اضافے پر پاکستان نے تشویش ظاہر کی، کہا کہ یہ صورتحال خطے میں مزید عدم استحکام پیدا کر رہی ہے اور امن کو خطرہ ہے

نیویارک (نیوز ڈیسک) پاکستان نے لبنان کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے احترام، فوری جنگ بندی اور اقوام متحدہ کی قرارداد پر مکمل عمل درآمد کا مطالبہ کیا ہے، جس میں اسرائیل کی بلیو لائن تک مکمل واپسی بھی شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں مستقل پاکستانی مندوب عاصم افتخار احمد نے لبنان کی صورت حال پر سلامتی کونسل کے ہنگامی اجلاس کے دوران کیا۔ پاکستانی مندوب نے یہ بیان ایک ایسے وقت میں دیا ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پیر کو ٹروتھ سوشل پر پوسٹ کیا کہ ان کی اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کے ساتھ انتہائی نتیجہ خیز گفتگو ہوئی ہے اور اسرائیل کوئی فوج بیروت نہیں بھیجے گا۔ بعدازاں لبنان نے حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان ایک جزوی جنگ بندی کا اعلان کیا، واشنگٹن میں لبنان کے سفارت خانے کے مطابق اس معاہدے سے ملک میں تنازع کا خاتمہ نہیں ہوگا (بقیہ نمبر 9)

لوڈشیڈنگ کے نام پر اجتماعی سزا غیر قانونی ہے، شرجیل میمن

اندرون سندھ میں شدید گرمی میں بائیس بائیس گھنٹے بجلی بند کی جاتی ہے عوام سخت پریشان ہیں

لوڈشیڈنگ کے علاوہ لائن لاسز پر پورے علاقے کی بجلی بند کر دی جاتی ہے یہ غیر منصفانہ ہے

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ اس وقت سندھ بھر کے عوام بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے پریشان ہیں۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ بھر کے عوام بجلی کی لوڈشیڈنگ کی وجہ سے پریشان ہیں۔ اندرون سندھ جہاں زیادہ گرمی ہے، وہاں 22، 22 گھنٹے بجلی بند کی جاتی ہے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ لوڈشیڈنگ کے علاوہ لائن لاسز پر بھی پورے علا (بقیہ نمبر 42)

بحری قزاقوں کے یرغمالی پاکستانیوں کی نئی ویڈیو منظر عام پر

مغویوں کی شدید بدحالی، چوبیس گھنٹوں میں صرف ایک بار کھانا ملنے کا انکشاف

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بحری قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے پاکستانیوں کی نئی ویڈیو سامنے آگئی، جس میں ان کا کہنا ہے کہ 42 روز سے بدحال ہیں، 24 گھنٹوں میں ایک بار کھانا دیا جاتا ہے؟ تفصیلات کے مطابق بحری قزاقوں کے ہاتھوں اغوا کیے گئے بحری جہاز اور اس پر سوار (بقیہ نمبر 23)

واپڈا کی نجکاری کے خلاف کیسکو ملازمین کا شدید احتجاج

ملازمین کی برطرفی قبول نہیں، فیصلہ واپس نہ لیا تو احتجاج بڑھے گا

جعفر آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) واپڈا کی نجکاری سے ملک بھر کے لاکھوں ملازمین کے بے روزگار ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا، جس پر کیسکو ملازمین کا شدید احتجاج کرتے ہوئے ریلی نکالی۔ تفصیلات کے مطابق جعفر آباد میں واپڈا کی ممکنہ نجکاری، پر پابندی اور ضروری آلات کی عدم فر (بقیہ نمبر 24)

لاہور میں خاتون سے زیادتی کرنے والا جعلی پیر گرفتار

کاہنہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم فاروق کے خلاف مقدمہ درج کر لیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ضعیف العقیدہ لوگوں کو ورغلا کر ان کی دولت اور عزتیں لوٹنے والا جعلی پیر پولیس کے ہتھے چڑھ گیا۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق کاہنہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے جعلی پیر کو گرفتار کر لیا اور اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم (بقیہ نمبر 25)

خاتون پولیس افسر کا اعلیٰ حکام سے تحفظ کا مطالبہ

ڈی آئی جی ساؤتھ نے خاتون افسر کے الزامات کا نوٹس لے لیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک): کراچی ہیئر تھانے میں تعینات ایک خاتون پولیس افسر نے مبینہ بدسلوکی اور دباؤ ڈالے جانے کے الزامات عائد کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے مدد اور تحفظ کی اپیل کر دی۔ خاتون افسر نے الزام لگایا ہے کہ تھانے میں زیر حراست ایک غیر مسلم ملزم کو غیر (بقیہ نمبر 26)

سندھ میں مٹی کا طوفان، چالیس گھر خاکستر

تیز ہواؤں سے بجلی کا نظام درہم برہم، پی ڈی ایم اے کا ہائی الرٹ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ کے مختلف شہروں میں مٹی کے طوفان نے تباہی مچادی، تیز ہواؤں سے سولر پلیٹوں، گھروں کی چھتوں کو جزوی نقصان پہنچا جبکہ آگ لگنے سے 40 سے زائد گھر خاکستر ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ کے مختلف شہروں میں تیز ہواؤں (بقیہ نمبر 27)

شادی کے چالیس دن بعد دلہن شوہر کے ہاتھوں قتل

پولیس نے مرکزی ملزم کو آلۂ قتل سمیت گرفتار کر لیا ہے

اوستہ محمد (مانیٹرنگ ڈیسک) شادی کے صرف 40 دن بعد دلہن شوہر کے ہاتھوں قتل ہو گئی، مقتولہ کے ہاتھوں، چہرے اور گردن پر تشدد کے نشانات واضح ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد میں شادی کے محض 40 دن بعد 20 سالہ دلہن کو اس کے شوہر نے بھائیوں کے ساتھ مل کر بہیا (بقیہ نمبر 28)

کراچی میں بدنام زمانہ خاتون منشیات فروش شیریں گرفتار

ملزمہ کے خلاف پینتیس مقدمات درج ہیں، ایس ایس پی ایسٹ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈرگ کوئین انمول پنکی کے بعد انتہائی مطلوب منشیات فروش شیریں عرف شرینہ کو گرفتار کر لیا گیا، ملزمہ کا پورا خاندان منشیات کے منظم نیٹ ورک میں ملوث ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں ڈسٹرکٹ ایسٹ پولیس نے گلستانِ جوہر میں خفیہ اطلا (بقیہ نمبر 29)

ملزم ارمغان کا جیل انتظامیہ پر بھتے کا الزام

عدالت میں پیش کرنے کے لیے بھی پیسے مانگے جاتے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) مصطفیٰ عامر قتل کیس کے ملزم ارمغان نے جیل انتظامیہ پر پیسے لینے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا پیشی پر پیش کرنے کے بھی پیسے مانگے جاتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق انسدادِ دہشت گردی عدالت میں مصطفیٰ عامر قتل کیس سمیت دیگر 6 مقدما (بقیہ نمبر 30)

آئیوا فائرنگ: مسلح شخص نے چھ افراد قتل کر دیے

مکاسینئی (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف سینئر بھارتی دفاعی تجزیہ کار پروین ساہنی نے مودی حکومت پر زور دیا ہے کہ سفارتی طور پر تنہا ہونے سے بچنے کے لیے آئندہ سربرا (بقیہ نمبر 31)

پچاس سال بعد شیخ رشید وکالت میں سرگرم

انسداد دہشت گردی عدالت میں شیخ رشید کی درخواست پر سماعت ہوئی اور فیصلہ محفوظ کر لیا گیا ہے

شیخ رشید نے ڈسٹرکٹ بار راولپنڈی میں رکنیت بحالی کی درخواست دائر کر دی ہے



راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ زندگی کا ایک عجوبہ کام جو 50 سال پہلے کرنا چاہیے تھا اب کر رہا ہوں۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے ڈسٹرکٹ بار راولپنڈی میں اپنی رکنیت بحالی کی درخواست دائر کر دی ہے۔ انہوں نے سردار رزاق کے چیمبر کے ذریعہ ڈسٹرکٹ بار کی رکنیت کی بحالی کی درخواست دائر کی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ مجھے بار کی رکنیت (بقیہ نمبر 13)

خیبر پختونخوا میں گلیشیئر پھٹنے اور سیلاب کا ہائی الرٹ

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ڈی ایم اے نے رواں برس بھی خیبر پختونخوا میں گلیشیائی جھیلیں پھٹنے اور بڑے سیلاب کی وارننگ جاری کر دی ہے۔ پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے رواں برس بھی صوبہ خیبر پختونخوا میں گلیشیائی جھیلیں پھٹنے اور بڑ (بقیہ نمبر 14)

کراچی میں لین خلاف ورزی پر فیس لیس چالان

کراچی ((مانیٹرنگ ڈیسک): شہر قائد میں پہلی بار لین خلاف ورزی پر لین چالان کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے، اور اس کی خبر سب سے پہلے اے آر وائی نیوز نے دی ہے۔ یکم جون سے لین کی خلاف ورزی پر فیس لیس چالان کا آغاز ہو گیا ہے، ٹریکس سے جاری ڈیٹا کے (بقیہ نمبر 15)

عیدالاضحیٰ پر کھالوں کی تجارت سے اربوں روپے سرگرمی متوقع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں عیدالاضحیٰ پر قربانی کے جانوروں کی کھالوں سے 7.8 ارب روپے کی معاشی سرگرمی متوقع ہے۔ پاکستان میں ایک دہائی کے دوران جانوروں کی قربانی میں 17 فیصد اضافہ دیکھا گیا ہے اور اس سال 28 لاکھ گائے اور بیلوں (بقیہ نمبر 16)

آئندہ مالی سال برآمدات ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچنے کا امکان

رواں مالی سال برآمدات اکتیس ارب ترانوے کروڑ ڈالر سے بڑھ کر پینتیس ارب تریسٹھ کروڑ ڈالر جانے امکان

برآمدات میں نمایاں اضافہ متوقع جو موجودہ سطح سے بڑھ کر بلند ترین ریکارڈ سطح پر پہنچ جائیں گی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان کی برآمدات یکم جولائی سے شروع ہونے والے آئندہ مالی سال 2026-27 کے دوران ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچنے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف نے آئندہ مالی سال پاکستان کی برآمدات، تجارتی خسارے اور درآمدات میں اضافے کا تخمینہ لگایا ہے۔ آئی ایم ایف نے آئندہ مالی سال پاکستان کی برآمدات بڑھ کر ریکارڈ 35 ارب 63 کروڑ ڈالر پر پہنچنے کا تخمینہ لگایا ہے۔ آئی ایم (بقیہ نمبر 17)

کرپٹو ٹریڈنگ پر کیپیٹل گین ٹیکس عائد کرنے کا امکان

آئی ایم ایف کی مشاورت سے ڈیجیٹل کرنسی کو ٹیکس نیٹ میں لانے کی تیاریاں

اسلام آباد (0 (مانیٹرنگ ڈیسک) ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کے بجٹ میں کرپٹو ٹرانزیکشنز کو ٹیکس نیٹ میں لانے کی تیاریاں جاری ہیں اور کرپٹو ٹریڈنگ سے حاصل ہونے والے منافع پر کیپیٹل گین ٹیکس عائد کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کرپٹو ٹریڈنگ پر 10 سے 30 فی صد تک کیپیٹل گین ٹیکس نافذ کیا جا سکتا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی مشاورت کے بعد کرپٹو سیکٹر کو ٹیکس نیٹ میں شامل کرنے پر غور کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے تمام ڈیجیٹل کاروبار سے حاصل ہونے والے گین پر ٹیکس عائد کرنے کا مطالبہ کیا ہے، جب کہ کرپٹو لین دین میں کیپیٹل گین ٹیکس کی وصولی کی بھی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان میں تقریباً 90 لاکھ افراد کرپٹو کرنسی استعمال کرتے ہیں اور حکومت کو کرپٹو ٹرانزیکشنز سے اربوں روپے اضافی ریونیو حاصل ہونے کی توقع ہے۔ کرپٹو ٹریڈ (بقیہ نمبر 19)

بجٹ میں سابق قبائلی علاقوں کے لیے ٹیکس استثنیٰ کے خاتمے کا امکان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آئندہ مالی سال کے بجٹ میں سابق قبائلی علاقوں کے لیے ٹیکس استثنیٰ کے خاتمے کا امکان پیدا ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے فاٹا اور پاٹا کو حاصل مختلف ٹیکس رعایتوں میں مزید توسیع نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے تحت 30 جون 2026 کے بعد انکم ٹیکس اور ود ہولڈنگ ٹیکس استثنیٰ ختم ہو سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان آئندہ مالی سال کے بجٹ کے حوالے سے جاری مذاکر (بقیہ نمبر 18)

بیلجیئم نے آسٹریا سے زیادہ شینگن ویزے جاری کیے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) یورپی یونین کی حالیہ ویزا رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ 2025 کے دوران پاکستانیوں کو شینگن ویزے جاری کرنے کے معاملے میں بیلجیئم نے آسٹریا کے مقابلے میں زیادہ فراخدلانہ رویہ اپنایا۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال (بقیہ نمبر 22)

گھوٹکی میں مٹی طوفان، 3 ہلاک، 60 زخمی، تباہی مچ گئی

گھوٹکی (مانیٹرنگ ڈیسک) گھوٹکی اور اس کے گردونواح میں اچانک آنے والے شدید مٹی کے طوفان اور تیز آندھی نے بڑے پیمانے پر تباہی مچا دی جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق جبکہ 60 سے زائد افراد زخمی ہو گئے۔ طوفان کی شدت نے معمولات زندگی درہم برہم کر دیے (بقیہ نمبر 21)

منی پور میں کشیدگی، مکانات نذر آتش، حالات مزید خراب

منی پور (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی ریاست منی پور میں بے رحم بی جے پی سرکار نے سفاکیت کی انتہا کر دی۔ منی پور کے میلھیگی پسند گروہوں کے سامنے بے بس بھارتی فوج اب نہتے شہریوں پر طاقت آزمانے لگی، بے گناہ عوام کو نشانہ بنا کر متعدد مکانات نذر آتش کر دیے (بقیہ نمبر 20)

لاہور: گھریلو ملازمہ ہلاکت کیس، اجتماعی زیادتی و قتل دفعات شامل

لاہور (نیوز ڈیسک) مبینہ اجتماعی زیادتی اور اسقاط حمل کے بعد گھریلو ملازمہ کی ہلاکت کے مقدمے میں دفعہ 302 شامل کیے جانے کے بعد مالکان کو دوبارہ شاملِ تفتیش کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق مرنے سے قبل ویڈیو بیان میں لڑکی نے بتایا کہ نومبر 2 (بقیہ نمبر 41)

لوئر دیر: مستورات تنازع، فائرنگ میں دو سگے بھائی جاں بحق

لوئر دیر (نیوز ڈیسک) یونین کونسل اوچ کے گاؤں بھٹان میں مستورات تنازع پر دو فریقین کے مابین فائرنگ کے باعث دو سگے بھائی جاں بحق ہو گئے۔ اوچ پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی، ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق جاں (بقیہ نمبر 40)

ریئل اسٹیٹ سیکٹر کو بجٹ میں ٹیکس ریلیف کا امکان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) آئندہ وفاقی بجٹ 2026-27 میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر کیلئے ریلیف کا امکان ظاہر کر دیا گیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق آئندہ بجٹ میں فائلرز کیلئے پراپرٹی کی خرید و فروخت پر ٹرانزیکشن ٹیکس میں کمی ہو سکتی ہے، پراپرٹی کی خرید و فروخت پر (بقیہ نمبر 39)

وفاقی بجٹ 1126 ارب روپے ترقیاتی منصوبوں کیلئے مختص کرنے کا تخمینہ

موجودہ مالی صورتحال میں ترقیاتی منصوبوں کے لیے وسائل مسلسل محدود ہوتے جا رہے ہیں حکومت کو مشکلات ہیں

سالانہ پلان کو آر ڈی نیشن کمیٹی کے اجلاس میں پی ایس ڈی پی میں 6 8 7 منصوبے شامل ہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) احسن اقبال نے کہا ہے کہ 2018 میں حکومت نے ترقیاتی بجٹ کے مقررہ ہدف سے زیادہ اخراجات کیے تھے، تاہم موجودہ مالی صورتحال میں ترقیاتی منصوبوں کے لیے وسائل محدود ہوتے جا رہے ہیں۔ سالانہ پلان کو آر ڈی نیشن کمیٹی کے اجلاس سے (بقیہ نمبر 38)

جنوبی لبنان پر اسرائیلی حملے، تین افراد شہید، کشیدگی بڑھ گئی

لبنان (نیوز ڈیسک) اسرائیل کی جانب سے جنوبی لبنان پر فضائی اور زمینی حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔ مقامی رپورٹس کے مطابق (بقیہ نمبر 36)

کوئٹہ میں فائرنگ کے مختلف واقعات، دو افراد جاں بحق

مسلح افراد نے ویگن سے نوجوان کو اتار کر موت کے گھاٹ اتار دیا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بھاگ سے کوئٹہ جانے والی ویگن سے مسلح افراد نے نوجوان کو اتار کر قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق نوجوان کی لاش اسپتال منتقل کر دی گئی جہاں مقتول کی شناخت عارف علی کے نام سے ہوئی۔ ملزمان موقع سے فرار ہو گئے جبکہ قتل کی وجوہات معلوم نہ ہو سکیں۔ دوسری جا (بقیہ نمبر 37)

افغانستان میں دہشتگرد گروہوں کی سرپرستی کے عالمی انکشافات

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) عالمی جریدہ نے افغان طالبان کی دہشتگرد تنظیموں کی سرپرستی اور افغان سرزمین سے پنپتی دہشتگردی (بقیہ نمبر 35)

فرانس نے اسرائیل کو یوروسا ٹوری اسلحہ نمائش سے روک دیا

فرانس (نیوز ڈیسک) پیرس میں ہونے والی یورپ کی سب سے بڑی اسلحہ نمائش 'یوروسا ٹوری' میں اسرائیل کی شرکت پر پابندی (بقیہ نمبر 34)

یوکرین پر روسی میزائل حملے، 10 ہلاک، درجنوں زخمی

یوکرین (نیوز ڈیسک) روس کے بڑے فضائی اور میزائل حملوں میں کم از کم 10 افراد ہلاک اور درجنوں زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی میڈ (بقیہ نمبر 33)

بھارت تنہائی سے بچنے کیلئے پاکستان کی برسشمولیت کی حمایت کرے: بھارتی دفاعی تجزیہ کار

چین اور دیگر ممالک کے بڑھتے تعلقات نے جنوبی ایشیا میں نئے علاقائی اتحاد کو جنم دیا ہے

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف سینئر بھارتی دفاعی تجزیہ کار پروین ساہنی نے مودی حکومت پر زور دیا ہے کہ سفارتی طور پر تنہا ہونے سے بچنے کے لیے آئندہ سربراہی اجلاس میں پاکستان کی برکس میں شمولیت کی حمایت کرے۔ پروین ساہنی نے اپنے ایک حالیہ وی لاگ میں عالمی نظام میں بڑی تبدیلی کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ سفارتی گفتگو کا آغاز بھارت کے مفاد میں ہے۔ پروین ساہنی کا کہنا ہے کہ بھارت خطے میں تنہا ہوتا جا رہا ہے کیونکہ امریکا اور چین اسٹریٹجک اسٹیکام کی طرف بڑ (بقیہ نمبر 32)

حکومتی ترجیحات کا تضاد

صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

وفاقی بجٹ 27-2026 سے قبل بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کی رقم میں اضافے کی خبریں ایک نئی بحث کو جنم دے رہی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے حکومتِ پاکستان کو تجویز دی ہے کہ کفالت پروگرام کے تحت سہ ماہی امداد 14 ہزار 500 روپے سے بڑھا کر 20 ہزار روپے کی جائے تاکہ مہنگائی کے ہاتھوں پسے ہوئے غریب خاندانوں کو کچھ سہارا دیا جا سکے۔ بظاہر یہ ایک فلاحی قدم دکھائی دیتا ہے مگر اس کے پس منظر میں کئی تلخ سوالات بھی کھڑے ہو رہے ہیں جنہیں نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہ حقیقت اب کسی سے پوشیدہ نہیں رہی کہ پاکستان میں مہنگائی نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ آٹا، گھی، چینی، بجلی، گیس اور ادویات جیسی بنیادی ضروریات عام شہری کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہیں۔ ایسے میں اگر آئی ایم ایف خود حکومت کو یہ مشورہ دے رہا ہے کہ بی آئی ایس پی کی امدادی رقم میں تقریباً 38 فیصد اضافہ کیا جائے تو اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ عالمی مالیاتی ادارے کو بھی پاکستان میں عوام پر بڑھتے ہوئے معاشی دباؤ کا پوری طرح ادراک ہو چکا ہے۔ سوال مگر یہ ہے کہ کیا یہ ادراک صرف ان لوگوں تک محدود ہے جو حکومتی امداد پر زندہ ہیں؟ اطلاعات یہ بھی ہیں کہ رواں سال بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والے خاندانوں کی تعداد ایک کروڑ دس لاکھ تک پہنچ جائے گی۔ اتنی بڑی تعداد کو مسلسل نقد امداد دینا پہلے ہی قومی خزانے پر ایک بہت بڑا بوجھ ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ رقوم ٹیکس دہندگان کی جیب سے ادا کی جاتی ہیں۔ ریاست کی ذمہ داری ضرور ہے کہ وہ کمزور طبقات کو سہارا دے مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ کسی بھی معاشرے کی معیشت مستقل خیرات پر نہیں بلکہ پیداواری قوت پر کھڑی ہوتی ہے۔ اگر ایک ریاست میں کام کرنے والوں کے مقابلے میں امداد لینے والوں کی تعداد مسلسل بڑھتی جائے تو یہ صورتِ حال معاشی طور پر خطرناک ہو سکتی ہے۔ یہاں سب سے اہم سوال حکومتی ترجیحات کا ہے۔ ایک طرف وہ لوگ ہیں جو برسہا برس سے سرکاری اداروں میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وفاقی اور صوبائی سرکاری ملازمین کی تعداد تقریباً 45 سے 50 لاکھ کے درمیان بتائی جاتی ہے۔ یہی لوگ حکومتی مشینری کے پہیے کو چلائے ہوئے ہیں۔ یہی اساتذہ، کلرک، پولیس اہلکار، نرسیں، ڈرائیور، انجینئر اور دیگر ملازمین ریاستی نظام کو فعال رکھتے ہیں۔ مگر جب یہ ملازمین اپنی تنخواہوں اور پنشن میں اضافے کا مطالبہ کرتے ہیں تو حکومت فوراً یہ جواز پیش کرتی ہے کہ آئی ایم ایف اجازت نہیں دیتا، مالی گنجائش موجود نہیں اور کفایت شعاری ناگزیر ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ جس آئی ایم ایف کا نام لے کر فعال ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ روک دیا جاتا ہے، وہی آئی ایم ایف بی آئی ایس پی میں نمایاں اضافے کی سفارش بھی کر رہا ہے۔ اگر غریب خاندانوں کیلئے امداد میں 38 فیصد اضافہ ممکن ہے تو پھر ان لوگوں کی اجرت میں خاطر خواہ اضافہ کیوں ناممکن بنا دیا گیا ہے جو عملی طور پر ریاستی نظام کو اپنے کندھوں پر اٹھائے ہوئے ہیں؟ کیا کام کرنے والے طبقے کی مشکلات کم ہیں؟ کیا مہنگائی صرف امداد لینے والوں کو متاثر کر رہی ہے؟ سرکاری ملازمین بھی اسی بازار سے آٹا، چینی، بجلی اور ادویات خریدتے ہیں۔ ان کے گھروں کے اخراجات بھی کئی گنا بڑھ چکے ہیں۔ یہ تاثر روز بروز مضبوط ہوتا جا رہا ہے کہ حکومت اپنی کمزور معاشی پالیسیوں اور نااہلی کا سارا ملبہ آئی ایم ایف پر ڈال دیتی ہے جبکہ حقیقت شاید اس سے مختلف ہے۔ اگر حکومت واقعی چاہے تو قومی ترجیحات کو متوازن بنا سکتی ہے۔ افسوس یہ ہے کہ ہمارے ہاں ایک طرف خیراتی معیشت کو وسعت دی جا رہی ہے جبکہ دوسری طرف محنت کش اور تنخواہ دار طبقہ مسلسل دباؤ کا شکار ہے۔ اس پالیسی کا ایک خطرناک پہلو یہ بھی ہے کہ اس سے معاشرے میں کام کرنے کی حوصلہ شکنی اور ریاستی امداد پر انحصار کا رجحان بڑھ سکتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بی آئی ایس پی جیسے پروگرام وقتی ریلیف کیلئے ضروری ہیں مگر مستقل حل نہیں۔ کسی قوم کو ترقی دینی ہو تو اسے امداد لینے والوں کی تعداد بڑھانے کے بجائے روزگار پیدا کرنا پڑتا ہے۔ فنی تربیت، صنعت کاری، چھوٹے کاروبار، زرعی اصلاحات اور پیداواری شعبوں کی بحالی ہی اصل راستہ ہیں۔ یہاں الٹی گنگا بہہ رہی ہے۔ بی آئی ایس پی کے مستحقین کی تعداد میں ہر سال تسلسل سے اضافہ ہو رہا ہے۔ افسوس یہ ہے کہ ہم نے معیشت کو پیداواری بنیادوں پر استوار کرنے کے بجائے امدادی پالیسیوں کے سہارے کھڑا کرنے کی کوشش شروع کر دی ہے۔ حکومت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ اگر ایک کروڑ دس لاکھ خاندان غربت کی لکیر کے نیچے جا رہے ہیں تو یہ صرف فلاحی پروگراموں کی کامیابی نہیں بلکہ معاشی ناکامی کا بھی ثبوت ہے۔ ریاست کا اصل ہدف لوگوں کو امداد کا عادی بنانا نہیں بلکہ انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا ہونا چاہیے۔ آنے والے بجٹ میں حکومت کیلئے سب سے بڑا امتحان یہی ہے کہ وہ محض خیراتی اعداد و شمار بڑھانے کے بجائے محنت کش اور تنخواہ دار طبقے کو بھی حقیقی ریلیف دے۔ اگر بی آئی ایس پی میں 38 فیصد اضافہ ممکن ہے تو سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں بھی 70 سے 80 فیصد تک اضافے پر سنجیدگی سے غور ہونا چاہیے تاکہ مہنگائی کے بے رحم طوفان میں ان کی قوتِ خرید مکمل طور پر تباہ نہ ہو۔ پاکستان کو اس وقت خیرات پر چلنے والی نہیں بلکہ محنت، پیداوار اور انصاف پر قائم معیشت کی ضرورت ہے۔ جب تک ریاست کام کرنے والوں اور امداد لینے والوں کے درمیان توازن پیدا نہیں کرے گی، تب تک معاشی استحکام صرف

توجہ طلب

سُخن دِلنواز

ڈاکٹر نواز کنول

03027195317

اللہ تعالیٰ نے پیارے پاکستان کو بے شمار نعمتوں سے مالا مال کیا ہے۔ وطن عزیز میں سکھ سکون، امن اور بھائی چارے کی فضا قائم ہے، پاکستان اقوام عالم کی نظر میں امن عالم اور شانتی کا معتبر حوالہ تسلیم کیا جا چکا ہے، دفاع وطن کے لیے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے کے لیے افواج پاکستان کی شان دار روایات اپنی مثال آپ ہیں۔ عالمی سطح پر بدلتے معاشی منظر نامے کے حوالے سے یہاں عالمی حالات و واقعات کے تناظر میں جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ عصر حاضر میں فکر معاش، سماجی، معاشرتی اور معاشی ذمہ داریوں کے حصار میں جکڑا ہوا انسان وقت کے سست اور بے رحم پہیے کے نیچے آتا ہوا بے بسی کی تصویر دکھائی دیتا ہے۔ بے روزگاری اور بے چینی نے اطمینان قلب کو خدشات اور وسوسوں کی بھینٹ چڑھا دیا ہے۔ سماجی سطح پر متوسط طبقے کے حامل خاندانوں کو صحت، تعلیم اور ضروریات زندگی کی فکر دامن گیر رہتی ہے۔ ایک زمانہ تھا کہ خاندان کا کوئی ایک فرد دیار غیر میں روزگار کے لیے جاتا تھا تو باقی ماندہ افراد خانہ بڑے سکون اور ٹھاٹھ سے گزر اوقات کیا کرتے تھے۔ وقت بدلا عالمی سطح پر امن و امان اور دیگر اقدار کے حوالے سے ایسا تغیر رضا ہو کہ کارزار حیات میں دشواریوں نے ڈیرے ڈال دیے، روپے پیسے کی قدر گھٹ گئی، کو انسانی سمگلروں کے ہاتھوں دیار غیر تلاش روزگار کے لیے جانے والوں کی نیا بارہا سمندر میں ڈوبی مگر یہ جنون اور دیار غیر میں تقدیر بدلنے۔ خاندان کو پاؤں پہ کھڑا کرنے کی شدید خواہش ختم نہ ہونے پائی۔ عصر حاضر میں جہاں اشیائے ضرورت مہنگی اور دسترس میں نہیں دکھائی دے رہیں، وہاں دیگر مسائل ایک فرد خاندان اور معاشرے سے عالمی سطح تک لمحہ فکریہ ہیں بالخصوص نوجوان نسل، حصول تعلیم کے بعد ڈگریاں تھامے، تلاش روزگار کے لیے سرگرداں، پریشان نظر آتی ہے۔ عصری حالات کا تقاضا ہے کہ تعلیم یافتہ طبقے کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں، ہمارے ڈگری ہولڈر، محنت، ذہانت و ذکاوت میں کسی سے کم نہیں، یہ سب دیار غیر کی بجائے وطن عزیز میں کام کرنے کو ترجیح دینے والے محب وطن ہیں، یہ ترقی کے خواہاں ہیں۔ ارباب اختیارات کو سرکاری، نیم سرکاری اور دیگر ذرائع سے ان کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے ہوں گے، کیوں کہ تعلیم یافتہ نوجوان طبقہ کسی بھی ملک کا حقیقی سرمایہ اور ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ مہنگائی کا جن قابو کر کے ہم بے شمار پریشانیوں سے نجات حاصل کر سکتے ہیں، عام طبقہ کے بعد متوسط طبقے کی بھی کمر مہنگائی نے توڑ کے رکھ دی ہے، ذخیرہ اندوزی، ملاوٹ اور اقرباء پروری کے استحصال کے بموجب، بے چینی اور مایوسی کے سائے پھیلے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم وسائل کی بدولت مسائل کا حل نکال کر معاشرتی، سماجی اور معاشی لحاظ سے شاہراہ ترقی پر گامزن ہو سکتے ہیں توجہ طلب بات یہی ہے کہ آیئے ہم سب وطن عزیز کو خوب سے خوب تر بنانے میں اپنا انفرادی اور اجتماعی کردار ادا

شہر سنور گیا مگر اداروں میں اصلاحات ابھی باقی

شاطر

مرزا عارف رشید

Cell No: 0301-8688611

arifmirza231@gmail.com

پنجاب حکومت کے "صاف ستھرا پنجاب" پروگرام میں اعلیٰ افسران کا بھی اہم کردار ہے جن کی کوششوں اور کاوشوں کی وجہ سے شہر خوبصورتی میں تبدیل ہو جاتے ہیں بہاولپور کے اعلیٰ افسران کا نام بھی سرفہرست آتا ہے صاف ستھرا پنجاب کے علاوہ بھی بہت سے کاموں کی نگرانی انہوں نے خود کی ہے خاص طور پر بہاولپور شہر کے مشہور بازار فرید گیٹ جو بہاولپور کی بزرگ ہستی حضرت خواجہ غلام فریدؒ کے نام سے منسوب ہے اور شاہی بازار کو خوبصورت بنانے میں بھی بہاولپور کے اعلیٰ افسران کا نام سب سے پہلے آتا ہے کمشنر بہاولپور عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور حسن رضاء کا اس حوالے سے اہم کردار ہے آپ کی لگن اور محنت سے پورا شہر خوبصورت ہو گیا ہے ہر طرف جگمگاہٹ نظر آتی ہے اور رات کی روشنی میں پورا شہر اپنی خوبصورتی میں مزید نکھر جاتا ہے آپ کی خصوصی دلچسپی کی وجہ سے شہر کے بہت سے مسائل حل ہونے لگے ہیں اس کے علاوہ بھی شہر میں بہت سے ایسے کام تھے جن پر نہ تو میونسپل کارپوریشن نے توجہ دی اور نہ ہی کسی سیاسی شخصیت نے میں بات کر رہا ہوں سرکلر روڈ لائبریری روڈ اور کالی پلی چوک سے اللہ والے چوک تک جاری کاموں کی تمام فٹ پاتھوں پر بھی کام جاری ہے سرکلر روڈ کے دونوں اطراف فٹ پاتھوں کی صفائی کروانا بہت ضروری تھی کیونکہ پہلے صفائی نہ ہونے کے برابر تھی جب بھی زیادہ بارشیں ہوتی تھیں تو بارش کا پانی سرکلر روڈ پر جمع ہو جاتا تھا جس سے ٹریفک کی روانی میں دشواری پیش آتی تھی سب سے زیادہ پانی سرکلر روڈ سے فرید گیٹ تک جمع رہتا تھا اب فٹ پاتھوں پر پھول ہی پھول نظر آتے ہیں فرید گیٹ کو دوبارہ خوبصورت انداز میں نمایاں کرنے میں بھی کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کا اہم کردار ہے موجودہ کمشنر جب بہاولپور میں ڈپٹی کمشنر تھے تب بھی ان کی توجہ بہاولپور کو خوبصورت بنانے پر مرکوز رہتی تھی فرید گیٹ کے اندر اور باہر دونوں اطراف خوبصورت کام کیا گیا ہے ٹائل اور لکڑی کا کام بھی نمایاں طور پر بہت خوبصورت لگ رہا ہے فرید گیٹ کے باہر خوبصورت فوارے کا کام دوبارہ جاری ہے سرکلر روڈ کے دونوں اطراف فٹ پاتھوں کا کام مکمل کیا جا رہا ہے اور دوبارہ صفائی بھی کی جا رہی ہے ڈپٹی کمشنر چوک پر ایک خوبصورت چوک بنایا جا رہا ہے فوارہ چوک والے دونوں پارکوں کو خوبصورت اور دلکش بنایا گیا ہے رات کے وقت درختوں پر لگی خوبصورت روشنیاں شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرتی ہیں عیدالاضحیٰ کے موقع پر جس طرح خصوصی توجہ دی گئی پورے شہر کی چھوٹی بڑی گلیوں اور تمام سڑکوں پر کہیں بھی گندگی دیکھنے کو نہیں ملی صاف ستھرا پنجاب کے مشن کو بہاولپور انتظامیہ نے پورا کر کے دکھایا آلائشیں کہیں بھی نظر نہیں آئیں پورے بہاولپور میں عید کے دوران صفائی کے بہترین انتظامات تھے گندگی کا نام و نشان تک نہیں تھا اور کہیں بھی آلائشوں کی بدبو محسوس نہیں ہوئی ایسے بہترین انتظامات دیکھ کر محسوس ہوا کہ بہاولپور شہر سے محبت کرنے والے اعلیٰ افسران آج بھی موجود ہیں جن کی وجہ سے پورا شہر خوبصورت لگ رہا ہے اگر کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کی دلچسپی کی بات کی جائے تو شہر میں کوئی بھی مسئلہ ہو وہ فوری طور پر خود موقع پر موجود ہوتے ہیں ایسے افسران بہت کم ہوتے ہیں جن کی توجہ پورے شہر پر ہوتی ہے عید سے ایک دن پہلے یزمان روڈ پر کراؤن فیلٹر ہوا تو کمشنر اور ڈپٹی کمشنر فوری طور پر موقع پر موجود تھے انہوں نے کام کا جائزہ لیا اور میونسپل کارپوریشن اور واسا کے افسران کو ہدایت کی کہ اس پر فوری عملدرآمد کیا جائے عدم توجہ ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور دن رات ایک کر کے کام مکمل کیا جائے واسا کی پوری ٹیم نے انتھک محنت اور لگن سے فوری طور پر کام جاری رکھا یزمان روڈ پر سب سے زیادہ محنت محکمہ واسا کی پوری ٹیم نے کی نہ کہ ٹھیکیدار نے تمام کام کی نگرانی ایم ڈی واسا نے خود کی اور تمام رپورٹس اپنے اعلیٰ افسران تک پہنچائیں ایم ڈی واسا کے ساتھ تمام عملے نے دن رات محنت کی اور کراؤن فیلٹر کو مکمل کیا کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کو چاہیے کہ واسا کی پوری ٹیم کو شاباش دیں دوسری طرف اگر میں سچ کہوں تو اگر یہ کام میونسپل کارپوریشن کے پاس ہوتا تو ابھی تک تخمینہ ہی لگ رہا ہوتا اسٹیمنٹ مکمل نہ کیا جاتا بلکہ ایمرجنسی بل بنا کر منظوری کے لیے کمشنر کے پاس بھیج دیا جاتا کیونکہ میونسپل کارپوریشن کے پاس نہ مکمل ایکسین ہے اور نہ ہی سب انجینئر اگر میونسپل کارپوریشن کے ایکسین کی بات کی جائے تو وہ بھی ڈپلومہ ہولڈر ہیں اور ان کے پاس ایکسین کی ڈگری موجود نہیں کمشنر اور ڈپٹی کمشنر جس طرح بہاولپور شہر پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں اسی طرح میونسپل کارپوریشن اور ڈسٹرکٹ کونسل کے ڈپلومہ ہولڈرز کا ریکارڈ بھی چیک کیا جا سکتا ہے یہ چہرے آج بھی انہی اداروں پر مسلط ہیں یزمان روڈ کا خانہ خراب کس نے کیا آپ اچھی طرح جانتے ہیں آج تک یزمان روڈ کا لیول درست نہیں ہو سکا بہاولپور کے مختلف روڈز پر عرصہ دراز سے ڈی واٹرنگ مشینیں لگی ہوئی ہیں اگر اسے نااہلی نہیں کہا جائے گا تو اور کیا کہا جائے گا کمشنر نے موجودہ ایکسین میونسپل کارپوریشن سے سوال کیا تھا کہ جب میں ڈپٹی کمشنر تھا تو میرے دور میں اس روڈ کا ٹینڈر جاری ہوا پھر یہاں پانی ہر وقت کیوں موجود رہتا ہے لیکن اس سوال کا کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا جا سکا یہی چہرے کبھی ڈسٹرکٹ کونسل میں اور کبھی میونسپل کارپوریشن میں تعینات رہتے ہیں آپ ڈپٹی کمشنر سے کمشنر بن گئے لیکن افسوس کہ جنہیں آپ پہلے چھوڑ کر گئے تھے آج بھی وہی چہرے بہاولپور پر مسلط ہیں کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کی توجہ سے بہاولپور شہر خوبصورتی کی طرف گامزن ہوا ہے ورنہ پہلے ایسا نہیں تھا بہاولپور شہر اب لاوارث نہیں رہا موجودہ اعلیٰ افسران کی خصوصی توجہ کی وجہ سے شہر بہت خوبصورت بن گیا ہے جس طرح آپ نے بہاولپور شہر سے پرانی چیزیں بدل دی ہیں اسی طرح اب ان پرانے چہروں کو بھی بدل دیں آپ سے بہتر کون جانتا ہے کچھ باتیں ذرائع سے بھی معلوم ہوئی ہیں وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کا رمضان المبارک کے موقع پر غریبوں کے لیے دیا گیا تحفہ یعنی ریڑھیاں جن پر ایک لاکھ اکتالیس ہزار روپے خرچ ہوئے ان میں استعمال ہونے والے میٹریل کے بارے میں بھی سوالات موجود ہیں یہ سب کچھ آئینے کی طرح واضح ہے کہ یہ کام کس کی نگرانی میں ہوا اسی طرح ڈسٹرکٹ کونسل میں بھی کروڑوں روپے کے کوٹیشن ورک مشینری سکشن مشین 50 کے وی جنریٹر لفٹر وغیرہ کی خریداری کے معاملات بھی توجہ طلب ہیں اگر ان معاملات کی شفاف تحقیقات کی جائیں تو بہت سی باتیں سامنے آ سکتی ہیں ڈپٹی کمشنر سے گزارش ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل کے سٹاک رجسٹر اور مشینری کا ریکارڈ بھی چیک کیا جائے مشینری کا اندراج مکمل ہے یا نہیں اس کا جائزہ لیا جائے آخر میں کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے یہی کہوں گا کہ آپ کی لگن محنت اور خصوصی توجہ کی وجہ سے بہاولپور شہر کی خوبصورتی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے شہر کے داخلی راستے سے داخل ہوتے ہی اس کی خوبصورتی کا اندازہ ہو جاتا ہے آپ واقعی اعلیٰ ظرف اور فرض شناس افسران ہیں اور آپ جیسے افسران بہت کم ہوتے ہیں۔

گورنمنٹ ہائی سکول پنڈ مہری کا پہلا میگزین "جستجو" شائع

تحریر: عرفان طارق حطار

پسماندہ علاقے پنڈ مہری، حسن ابدال کے گورنمنٹ ہائی سکول نے اپنا پہلا سکول میگزین "جستجو" شائع کر کے یہ ثابت کر دیا کہ وسائل کی کمی حوصلے نہیں توڑ سکتی۔ یہ محض کاغذ و سیاہی کا مجموعہ نہیں، بلکہ اس ادارے کے اساتذہ، طلبہ اور اہل علاقہ کے خوابوں، محنت اور عزم کا مظہر ہے۔ پہلا قدم ہمیشہ مشکل ہوتا ہے اور یہ قدم بھرپور اعتماد کے ساتھ لیا گیا ہے۔ "جستجو" کی کامیابی کا ایک بڑا راز اس کے مدیر ڈاکٹر حامد محمود کا تجربہ ہے۔ اس سے قبل وہ گورنمنٹ ہائی سکول پتھر گڑھ، حسن ابدال میں تعینات تھے جہاں انہوں نے "مکتب" کے نام سے سکول میگزین شائع کر کے اپنی ادارتی صلاحیتوں کا لوہا منوایا تھا۔ "مکتب" سے حاصل کردہ مہارت اور سلیقہ آج "جستجو" کی صورت میں پنڈ مہری کے طلبہ کے کام آ رہا ہے۔ یعنی "مکتب" سے سیکھ کر "جستجو" کی راہ ہموار ہوئی۔ میگزین کی ادارت کے فرائض ڈاکٹر حامد محمود کے سپرد ہیں۔ ان کے علمی وقار اور ادبی ذوق نے "جستجو" کو عام سکول میگزین کی سطح سے اٹھا کر ایک معیاری دستاویز بنا دیا ہے۔ مجلسِ ادارت میں علاقے کے بہترین اہلِ علم و قلم کے ساتھ راقم الحروف کا شامل ہونا بلاشبہ ایک اعزاز ہے۔ "جستجو" کا نام ہی اس کے مشن کی عکاسی کرتا ہے۔ علم کی جستجو، شناخت کی جستجو اور ترقی کی جستجو۔ چند صفحات پر محیط سکول کی تاریخ پڑھ کر قاری کو ادارے کے ماضی، جدوجہد اور ارتقا کا شعور ملتا ہے۔ نئی نسل کے لیے اپنی جڑوں سے جڑنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ سکول کی تاریخ کے چند صفحات، اساتذہ کے مضامین اور طلبہ کی تحریریں پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ ادارے نے اپنی جڑوں کو محفوظ رکھتے ہوئے نئی نسل کو قلم تھما دیا ہے۔ یہی اصل تعلیم ہے۔ ✕✕ جستجو کی سب سے بڑی خوبی اس کا متوازن اور ہمہ جہت مواد ہے۔ فہرست دیکھیں تو اساتذہ کے تحقیقی و اصلاحی مضامین علمی گہرائی دیتے ہیں، جبکہ طلبہ کی تحریریں نئی نسل کے خیالات، جذبات اور تخلیقی صلاحیتوں کا آئینہ ہیں۔ "میرا گاؤں، میرا اسکول" کے عنوان سے طلبہ کے مضامین نے میگزین کو مقامی رنگ اور مٹی کی خوشبو عطا کی ہے۔ ضلعی تعلیمی افسران کے پیغامات نے میگزین کو وقار بخشا ہے۔ ان کی حوصلہ افزائی سے طلبہ و اساتذہ کا مورال بلند ہو گا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ضلع اٹک ڈاکٹر محمد اظہر کے مطابق یہ سکول میگزین محض ایک سالانہ رسم نہیں، بلکہ طلبہ کی فکری تربیت کا عملی نمونہ ہے۔ تعلیمی سیر کی روداد اور بھوئی گاڑ میوزیم کا سفرنامہ مشاہداتی صلاحیتوں کو جلا بخشتے ہیں۔ تاریخ کے قریب جا کر سیکھنے کا یہ انداز قابلِ تقلید ہے۔ ہم نصابی سرگرمیوں اور کھیلوں کی سرگرمیوں کا احاطہ کر کے ادارے نے یہ پیغام دیا کہ تعلیم صرف کتاب تک محدود نہیں۔ رنگین تصاویر نے پورے میگزین کو بصری حسن اور زندگی عطا کی ہے۔ "ایک کہانی لاہوری، کون کرے گا پوری" جیسا سلسلہ "جستجو" کا سب سے انوکھا فیچر ہے۔ 6 طلبہ کی 6 مختلف کہانیاں پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ ایک ہی خیال سے کتنی دنیائیں تخلیق ہو سکتی ہیں۔ یہ حصہ طلبہ کی تخلیقی قوت کا شاندار مظاہرہ ہے۔ "ایک نظم، ایک کہانی" اور تدریسی سٹاف کے کوائف نے میگزین کو ذہنی تعلق کا رنگ بھی دیا ہے۔ میگزین کے مطالعہ کے دوران ایک تشنگی سی محسوس ہوتی ہے کہ حصہ نظم کو قدرے کم جگہ دی گئی۔ کچھ حصہ شامل کیا گیا ہے لیکن یاد رہے کہ شاعری اردو ادب کی جان ہے۔ آئندہ شمارے میں نعت، حمد، ملی نظموں اور طلبہ کے کلام کے لیے کچھ صفحات مختص کیے جائیں تو "جستجو" میں مزید نکھار اور حسن پیدا ہوگا۔ مجموعی طور پر "جستجو" ایک شاندار آغاز ہے۔ ڈاکٹر حامد محمود، مجلسِ ادارت، تمام اساتذہ اور طلبہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اللہ اس کاوش کو قبول فرمائے۔ دعا ہے کہ "جستجو" ہر سال نئے رنگ، نئے خواب اور نئی کامیابیوں کے ساتھ شائع ہو۔ پنڈ مہری کے اس سکول نے جو چراغ جلایا ہے، اس کی روشنی دور تک جائے گی ان شاءاللہ۔ "جستجو" جاری رہے، منزل ملے

پسماندہ علاقے پنڈ مہری، حسن ابدال کے گورنمنٹ ہائی سکول نے اپنا پہلا سکول میگزین "جستجو" شائع کر کے یہ ثابت کر دیا کہ وسائل کی کمی حوصلے نہیں توڑ سکتی۔ یہ محض کاغذ و سیاہی کا مجموعہ نہیں، بلکہ اس ادارے کے اساتذہ، طلبہ اور اہل علاقہ کے خوابوں، محنت اور عزم کا مظہر ہے۔ پہلا قدم ہمیشہ مشکل ہوتا ہے اور یہ قدم بھرپور اعتماد کے ساتھ لیا گیا ہے۔ "جستجو" کی کامیابی کا ایک بڑا راز اس کے مدیر ڈاکٹر حامد محمود کا تجربہ ہے۔ اس سے قبل وہ گورنمنٹ ہائی سکول پتھر گڑھ، حسن ابدال میں تعینات تھے جہاں انہوں نے "مکتب" کے نام سے سکول میگزین شائع کر کے اپنی ادارتی صلاحیتوں کا لوہا منوایا تھا۔ "مکتب" سے حاصل کردہ مہارت اور سلیقہ آج "جستجو" کی صورت میں پنڈ مہری کے طلبہ کے کام آ رہا ہے۔ یعنی "مکتب" سے سیکھ کر "جستجو" کی راہ ہموار ہوئی۔ میگزین کی ادارت کے فرائض ڈاکٹر حامد محمود کے سپرد ہیں۔ ان کے علمی وقار اور ادبی ذوق نے "جستجو" کو عام سکول میگزین کی سطح سے اٹھا کر ایک معیاری دستاویز بنا دیا ہے۔ مجلسِ ادارت میں علاقے کے بہترین اہلِ علم و قلم کے ساتھ راقم الحروف کا شامل ہونا بلاشبہ ایک اعزاز ہے۔ "جستجو" کا نام ہی اس کے مشن کی عکاسی کرتا ہے۔ علم کی جستجو، شناخت کی جستجو اور ترقی کی جستجو۔ چند صفحات پر محیط سکول کی تاریخ پڑھ کر قاری کو ادارے کے ماضی، جدوجہد اور ارتقا کا شعور ملتا ہے۔ نئی نسل کے لیے اپنی جڑوں سے جڑنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ سکول کی تاریخ کے چند صفحات، اساتذہ کے مضامین اور طلبہ کی تحریریں پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ ادارے نے اپنی جڑوں کو محفوظ رکھتے ہوئے نئی نسل کو قلم تھما دیا ہے۔ یہی اصل تعلیم ہے۔ ✕✕ جستجو کی سب سے بڑی خوبی اس کا متوازن اور ہمہ جہت مواد ہے۔ فہرست دیکھیں تو اساتذہ کے تحقیقی و اصلاحی مضامین علمی گہرائی دیتے ہیں، جبکہ طلبہ کی تحریریں نئی نسل کے خیالات، جذبات اور تخلیقی صلاحیتوں کا آئینہ ہیں۔ "میرا گاؤں، میرا اسکول" کے عنوان سے طلبہ کے مضامین نے میگزین کو مقامی رنگ اور مٹی کی خوشبو عطا کی ہے۔ ضلعی تعلیمی افسران کے پیغامات نے میگزین کو وقار بخشا ہے۔ ان کی حوصلہ افزائی سے طلبہ و اساتذہ کا مورال بلند ہو گا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ضلع اٹک ڈاکٹر محمد اظہر کے مطابق یہ سکول میگزین محض ایک سالانہ رسم نہیں، بلکہ طلبہ کی فکری تربیت کا عملی نمونہ ہے۔ تعلیمی سیر کی روداد اور بھوئی گاڑ میوزیم کا سفرنامہ مشاہداتی صلاحیتوں کو جلا بخشتے ہیں۔ تاریخ کے قریب جا کر سیکھنے کا یہ انداز قابلِ تقلید ہے۔ ہم نصابی سرگرمیوں اور کھیلوں کی سرگرمیوں کا احاطہ کر کے ادارے نے یہ پیغام دیا کہ تعلیم صرف کتاب تک محدود نہیں۔ رنگین تصاویر نے

عالمی منظر نامہ، بھارت اور پاکستان: حقائق کیا کہتے ہیں؟

رائے شماری

پروفیسر رائے غلام رسول دہیم کھرل

03041648400

بین الاقوامی سیاست میں کسی بھی ریاست کو تنہا کرنا محض سفارتی بیانات یا میڈیا مہمات سے ممکن نہیں ہوتا۔ اس کے لیے عالمی برادری کی وسیع حمایت، علاقائی طاقتوں کی تائید، مضبوط سفارتی دلائل اور زمینی حقائق کی مطابقت ضروری ہوتی ہے۔ گزشتہ چند برسوں کے دوران بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی اور ان کی حکومت نے مختلف مواقع پر پاکستان کو عالمی سطح پر تنہا کرنے کی پالیسی اختیار کی، مگر عرب میڈیا سمیت متعدد بین الاقوامی تجزیہ کاروں کا یہ تاثر اب نمایاں ہو رہا ہے کہ یہ حکمتِ عملی اپنے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کر سکی۔ حالیہ علاقائی اور عالمی حالات نے اس حقیقت کو مزید واضح کیا ہے کہ پاکستان نہ صرف مسلم دنیا بلکہ عالمی سفارتی منظر نامے میں بھی ایک اہم اور مؤثر ریاست کے طور پر اپنی جگہ برقرار رکھنے میں کامیاب رہا ہے۔ بھارت نے بالخصوص 2014ء کے بعد پاکستان کے خلاف سفارتی دباؤ بڑھانے کی کوشش کی۔ نئی دہلی کا مؤقف یہ تھا کہ عالمی برادری کو پاکستان کے بارے میں سخت رویہ اختیار کرنا چاہیے اور مختلف بین الاقوامی فورمز پر پاکستان کے لیے مشکلات پیدا کی جائیں۔ اس مقصد کے لیے بھارت نے اپنی معاشی قوت، وسیع منڈی، مغربی ممالک کے ساتھ تعلقات اور عالمی میڈیا میں اثر و رسوخ کو بھی استعمال کیا۔ تاہم عملی صورت حال یہ رہی کہ پاکستان نہ صرف او آئی سی، اقوام متحدہ، چین، ترکیہ، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر اور دیگر اہم ممالک کے ساتھ اپنے تعلقات برقرار رکھنے میں کامیاب رہا بلکہ کئی شعبوں میں ان تعلقات کو مزید وسعت بھی ملی۔ عرب میڈیا کے متعدد اداروں نے حالیہ مہینوں میں اس امر کی نشاندہی کی ہے کہ جنوبی ایشیا کے بدلتے ہوئے حالات میں پاکستان کو مکمل طور پر تنہا کرنے کا بھارتی خواب حقیقت کا روپ نہیں دھار سکا۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ پاکستان کی جغرافیائی اہمیت آج بھی عالمی طاقتوں کے لیے غیر معمولی حیثیت رکھتی ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لیے ایک اہم اقتصادی منصوبہ تصور کی جاتی ہے۔ چین مسلسل پاکستان کا اسٹریٹجک شراکت دار ہے اور بیجنگ کی حمایت نے پاکستان کی سفارتی پوزیشن کو مضبوط بنایا ہے۔ دوسری جانب مسلم دنیا کے اہم ممالک کے ساتھ پاکستان کے تاریخی، مذہبی، عسکری اور اقتصادی روابط بھی اس کی سفارتی طاقت کا اہم ذریعہ ہیں۔ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات جیسے ممالک نے مختلف اوقات میں پاکستان کے ساتھ مالی، اقتصادی اور دفاعی تعاون جاری رکھا ہے۔ قطر اور پاکستان کے درمیان توانائی کے شعبے میں مضبوط شراکت داری موجود ہے جبکہ ترکیہ کھل کر پاکست

بقیہ نمبر ☆.....☆ 1

کو متبادل توانائی کے ذرائع سے پورا کرنے کے لیے جامع حکمت عملی پر بھرپور انداز میں کام ہو رہا ہے، توانائی کی بچت اور سستی ٹرانسپورٹ کی ملکی ضروریات پوری کرنے کے لئے جامع اور موثر الیکٹرک وہیکلز پالیسی وقت کی اہم ضرورت ہے، جدید ٹیکنالوجی کی مختلف شعبوں میں شمولیت کے لئے تمام وزارتیں اور ماہرین کی باہمی مشاورت کو یقینی بنائیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ موثر ترقیاتی پالیسیز کی تشکیل ونفاذ کے لیے ※ تمام وزارتیں باہمی تعاون اور ہم آہنگی سے کام کریں، تمام اصلاحات اور اقدامات میں انتظامی شفافیت اور بہترین کارکردگی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اجلاس میں متعلقہ وزارتوں کی جانب سی مختلف زیر غور پالیسی تجاویز پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر برائے اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر برائے پاور ڈیویژن سردار اویس لغاری، وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک، وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر اور ڈائریکٹر جنرل ایس۔ ائی۔ ایف۔ سی میجر جنرل اسد الرحمن چیمہ اور متعلقہ اداروں کے عہدے داران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 2

(بقیہ نمبر) نواز شریف نے گلگت میں عوامی جلسے سے خطاب کے دوران کہا ہے کہ میں وہ نواز شریف ہوں جو کسی پر تنقید کرکے نہیں بلکہ کارکردگی پر ووٹ مانگتا ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ گلگت بلتستان کی عوام کو دیکھ کر جلسے میں شرکت پر خوشی ہوئی، گلگت بلتستان سے دلی محبت ہے، جب وزیر اعظم تھا تو کئی بار گلگت اور سکردو گیا تھا، تاہم اب گلگت بلتستان کی جانب آنے والی سڑکوں کا برا حال ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی سیاسی پارٹی یا حکومت کے خلاف بات کرنے نہیں آیا، گلگت اور ملحقہ علاقوں میں بہترین شاہراہیں بچھائیں تھیں، پوچھنا چاہتا ہوں کہ گلگت بلتستان کو نظر انداز کیوں کیا گیا؟ سابق وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ میں نے آج تک کسی کی برائی کرکے ووٹ نہیں مانگا، 50 ارب روپے کی لاگت سے گلگت سے سکردو تک سڑک کی تعمیر کی گئی تھی، ہم نے ہائیڈل پاور منصوبے شروع کیے، وہ اب تک مکمل کیوں نہیں ہوئے؟ نواز شریف نے کہا ہم نے ملک بھر میں موٹر وے کا جال بچھایا، لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ کیا، ووٹ طلب یا نہ طلب، گلگت بلتستان میں سہولیات فراہم کروں گا، ہماری حکومت بنتی ہے تو ہر دوسرے ماہ یہاں آؤں گا۔ انہوں نے سوال کیا کہ گلگت ایئرپورٹ کو جدید خطوط پر استوار کیوں نہیں کیا گیا؟ ٹنل گزشتہ 70 برس سے التوا کا شکار تھی، اربوں روپے خرچ کرکے منصوبہ مکمل کیا۔ نواز شریف کا کہنا تھا کہ شہباز شریف نے سولر منصوبوں کے ذریعے گلگت بلتستان میں توانائی کے بحران کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے، تاہم شہباز شریف اور مریم نواز بھی گلگت بلتستان کا دورہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ وہ وزیر اعظم شہباز شریف سے خنجراب پاس تک سڑکوں کے نیٹ ورک کی بہتری کے حوالے سے بات کریں گے، گلگت بلتستان سی پیک کا اہم مرکز ہے، اس لیے اس خطے کی ترقی قومی ترقی کے لیے بھی ضروری ہے۔ خطاب کے دوران نواز شریف نے ہونہار طلبہ کو سکالرشپس اور لیپ ٹاپ فراہم کرنے، نوجوانوں کے لیے بلا سود قرضوں کے اجراء اور روزگار کے مواقع بڑھانے کے عزم کا اظہار بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ووٹ مانگنے نہیں بلکہ گلگت بلتستان کے مسائل کے حل کے لیے آئے ہیں، اب جو منصوبے شروع ہونگے ان کی نگرانی میں خود کروں گا۔ مزید برآں، قائد مسلم لیگ ن کا کہنا تھا کہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ لوگوں کو پنجاب میں گھر مل رہے ہیں، جبکہ گلگت کے نوجوانوں کو کاروبار کیلئے بلا سود قرضے ملنے چاہییں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 3

ہیں۔ یہ واقعہ ضلع شانگلہ کی تحصیل الپوری میں پیش آیا، جس میں گزشتہ رات مکان کی چھت اچانک ڈھہ گئی اور گھر میں موجود بچے ملبے تلے دب گئے، واقعے میں ایک بچہ زخمی بھی ہوگیا ہے، جسے طبی امداد دی جا رہی ہے۔ مقامی پولیس کا کہنا ہے کہ لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت ملبے سے تمام لاشیں اور زخمی بچی کو نکال لیا ہے، جاں بحق بچوں میں ناظرہ، سمیرا، رضوان، تایاب، حیانور اور عمیرہ بی بی شامل ہیں، جن کی عمریں 5 سے 14 سال کے درمیان ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جاں بحق ہونے والے بچوں کے والد جہان بشر کا کچھ ہی عرصہ قبل انتقال ہوا تھا، اور ان کا مکان کچا تھا۔ مرنے والوں میں پانچ لڑکیاں اور ایک لڑکا شامل ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 4

۔ ملکی معیشت اس وقت صرف ترقی نہیں بلکہ ریاستی نظام کی بقا کے چیلنج سے دوچار ہے، جہاں ایک جانب حکومت مالی استحکام، آئی ایم ایف اہداف اور مالیاتی نظم وضبط کی بات کر رہی ہے، وہیں دوسری طرف سرکاری اداروں کے بڑھتے خسارے اور توانائی شعبے کا گردشی قرض معیشت پر بھاری بوجھ بن چکا ہے۔ اے آر وائی نیوز کے پروگرام آن مائی ریڈار میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر مملکت برائے نجکاری محمد علی نے کہا کہ حکومت گزشتہ 6 ماہ سے ڈسکوز کی مالی تنظیمِ نو پر کام کر رہی ہے تاکہ سرمایہ کاروں کو کیلمن بیلنس شیٹ فراہم کی جاسکے۔ ان کے مطابق زمین، پنشن واجبات اور دیگر مالی ذمہ داریوں کو الگ کرکے ڈھانچے کو سرمایہ کاری کے لیے زیادہ پرکشش بنایا جا رہا ہے۔ محمد علی کے مطابق حکومت ایسا ماڈل متعارف کروانا چاہتی ہے جس میں ٹیرف کارکردگی اور استعداد کی بنیاد پر طے ہو تاکہ صارفین پر اضافی بوجھ نہ پڑے اور ماضی کی طرح آئی پی پیز جیسے مسائل دوبارہ جنم نہ لیں۔ انہوں نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں سرمایہ کاروں کو اظہارِ دلچسپی کے لیے 45 دن دیے گئے ہیں، جبکہ تینوں ڈسکوز کی بولی کا عمل 2026 کی آخری سہ ماہی تک مکمل کرنے کا ہدف رکھا گیا ہے۔ حکومت نے ابتدائی مرحلے میں یہ شرط بھی عائد کی ہے کہ کوئی بھی سرمایہ کار تین میں سے ایک سے زیادہ ڈسکوز نہیں خرید سکے گا۔ وزیرِ مملکت نے واضح کیا کہ ڈسکوز کے ملازمین کو فوری طور پر فارغ نہیں کیا جائے گا بلکہ ایک مخصوص مدت تک ان کے روزگار کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔ محمد علی کے مطابق حکومت نے ڈسکوز کی قیمتی اراضی کو نجکاری سے الگ رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ زمین ایک علیحدہ سرکاری ادارے کے تحت رکھی جائے گی جبکہ ڈسکوز کو لیز پر فراہم کی جائے گی تاکہ صارفین پر اضافی ٹیرف کا بوجھ نہ پڑے۔ علاوہ ازیں تازہ اعداد وشمار کے مطابق مالی سال 2025 میں سرکاری ملکیتی اداروں (ایس او ایز) کے نقصانات 832 ارب روپے سے تجاوز کر گئے ہیں، جبکہ ان اداروں کے مجموعی خسارے تقریباً 5.6 کھرب روپے تک پہنچ چکے ہیں، ماہرین کے مطابق ان مسلسل نقصانات کا بوجھ بالآخر قومی خزانے اور عوام کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ اس حوالے سے ماہرینِ معیشت کا کہنا ہے کہ اگر سرکاری اداروں میں اصلاحات نہ کی گئیں تو مالی استحکام کا خواب پورا کرنا مشکل ہوگا۔ ان کے مطابق سرکاری ادارے سالانہ سینکڑوں ارب روپے کے خسارے کے باوجود حکومتی گرانٹس پر چل رہے ہیں، جس سے قومی خزانے میں موجود "سوراخ" مزید گہرے ہوتے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 5

پر ایک بڑی اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے شہر کی انتہائی مطلوب اور بدنام زمانہ خاتون منشیات فروش شیریں عرف شرینہ کو اس کے دو بیٹوں سمیت گرفتار کر لیا، ملزمہ کا پورا خاندان منشیات کے منظم نیٹ ورک میں ملوث ہے۔ ایس ایس پی ایسٹ نے بتایا کہ گلستانِ جوہر پولیس نے ٹھوس معلومات پر کامران چورنگی کے قریب کارروائی کی، جہاں سے ملزمہ شیریں اور اس کے دونوں بیٹوں کو حراست میں لیا گیا، ملزمہ کا پورا خاندان منشیات کے منظم نیٹ ورک میں ملوث ہے۔ ایس ایس پی ایسٹ نے بتایا کہ گلستانِ جوہر پولیس نے ٹھوس معلومات پر کامران چورنگی کے قریب کارروائی کی، جہاں سے ملزمہ شیریں اور اس کے دونوں بیٹوں کو حراست میں لیا گیا، ملزمہ ہیروئن، چرس اور دیگر مہنگی منشیات کی ہول سیل اور ریٹیل سپلائی کا دھندہ کرتی ہے۔ تفتیش کے دوران ملزمہ کے طریقہ واردات اور ماضی کے حوالے سے انتہائی چونکا دینے والے انکشافات سامنے آئے ہیں۔ ملزمہ ماضی میں سہراب گوٹھ کے علاقے میں منشیات کا سب سے بڑا اڈہ چلاتی تھی، تاہم وہاں پولیس کے پے در پے کریک ڈاؤن اور چھاپوں کے بعد وہ بچنے کے لیے گلستانِ جوہر منتقل ہوگئی تھی۔ گلستانِ جوہر کے فلیٹ میں منتقل ہونے کے بعد ملزمہ نے نیا طریقہ اپنایا۔ وہ اپنے فلیٹ کی کھڑکی سے نشے کے عادی افراد کو ہیروئن سپلائی کرتی تھی، جبکہ خریدار فلیٹ کے باہر گلی میں ہی بیٹھ کر نشہ کرتے تھے۔ ایس ایس پی ایسٹ کے مطابق گرفتار ملزمہ کوئی عام کرمنل نہیں بلکہ ایک عادی مجرم ہے، ملزمہ شیریں کے خلاف مختلف تھانوں میں 35 کے قریب مقدمات درج ہیں، جبکہ ماضی میں ایک کارروائی کے دوران اس کے قبضے سے ہینڈ گرینیڈ (دستی بم) بھی برآمد ہو چکا ہے۔ ملزمہ کا شوہر اور بیٹے بھی سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں جن پر متعدد مقدمات درج ہیں اور وہ کئی بار جیل جا چکے ہیں جبکہ ملزمہ خود بھی چند سال پہلے گرفتار ہو کر جیل گئی تھی اور دو سال قبل ہی سزا کاٹ کر رہا ہوئی تھی، مگر باہر آتے ہی دوبارہ دھندہ شروع کر دیا۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش کا دائرہ وسیع کر دیا ہے اور مزید سنسنی خیز انکشافات کی توقع کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 6

نے کے لیے وفاقی حکومت نے انقلابی قدم اٹھاتے ہوئے ادویات کے پیکٹ پر بارکوڈ لگانے کی منظوری دے دی ہے۔ حکومت کے اس فیصلے کے بعد اب ہر دوا کے پیکٹ پر بارکوڈ لگانا لازمی ہوگا اور صارفین پیکٹ پر موجود بارکوڈ سے دوا کے اصل یا جعلی ہونے کی تصدیق کرسکیں گے۔ اس حوالے سے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کا کہنا ہے کہ وفاقی کابینہ نے ڈرگ لیبلنگ و پیکنگ رولز 1978 میں ترامیم کی منظوری دیتے ہوئے دواؤں کے لیے ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم نفاذ کی باضابطہ منظوری دیدی ہے۔ وزیر صحت نے کہا کہ وفاقی کابینہ کا یہ فیصلہ ملک سے جعلی ادویات کے خاتمے کی جانب تاریخی قدم ہے اور اس طریقے سے صارف ازخود ڈیجیٹل طریقے سے دوا کی جانچ پڑتال کرسکے گا۔ بارکوڈ نظام سے جعلی، غیر معیاری ادویات کا خاتمہ ممکن ہوگا۔ مصطفیٰ کمال نے یہ بھی بتایا کہ ڈریپ جدید نظام کو ملک بھر میں نافذ کرے گی، دوا ساز کمپنیوں اور درآمد کنندگان کیلیے بارکوڈ کا نفاذ لازم ہوگا۔ کمپنیاں دوا کے پیک پر ٹوڈی بارکوڈ و سیریلائزیشن ڈیٹا درج کریں۔ اس سے صارف با آسانی دوا کی میعاد، استعمال اور قیمت کی مستند معلومات حاصل کرسکے گا۔ ڈریپ کی جانب سے صنعت کو سہولت کیلیے جلد تکنیکی رہنما اصول جاری ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں ادویات کا نظام جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے اور ٹریک وٹریس سسٹم سے جعلی ادویات کیخلاف موثر دیوار قائم ہوگی، جس سے عوام کی صحت اور زندگی کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے گا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 7

ئی، جہاں ملزم ارمغان کو جیل سے عدالت میں پیش کیا گیا۔ دورانِ سماعت ملزم ارمغان نے جیل انتظامیہ پر پیسے لینے کے الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ جیل میں ہر چیز کے لیے رقم طلب کی جاتی ہے، حتیٰ کہ پیشی پر عدالت لانے کے لیے بھی پیسے مانگے جاتے ہیں۔ سماعت کے موقع پر ملزم کی والدہ جذباتی ہوگئیں اور ارمغان سے سوال کیا کہ

جس پر ملزم نے جواب دیا کہ "ماں اور وکیل کو پیسوں کی لالچ نہیں۔" ارمغان نے عدالت کو بتایا کہ گزشتہ سماعت کے دوران اس کی بات کو غلط سمجھا گیا تھا۔ ملزم کا کہنا تھا کہ اس نے والدہ اور وکیل کے حوالے سے پیسوں کی بات نہیں کی تھی بلکہ جیل انتظامیہ کے بارے میں گفتگو کر رہا تھا۔ ملزم کے وکیل خرم عباس ایڈووکیٹ نے عدالت سے استدعا کی کہ مقدمات کی منتقلی کی درخواست پر حکم نامہ جاری کیا جائے۔ عدالت نے دلائل اور پیش رفت سننے کے بعد ارمغان کے خلاف مقدمات کی مزید سماعت 9 جون تک ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 8

وفاقی آئینی عدالت نے پولٹری فیڈ ملرز سے 4 فیصد اضافی ٹیکس کی وصولی غیر قانونی قرار دے کر بجٹ سے چند روز قبل حکومت کو ریونیو کی مد میں بڑا جھٹکا لگا دیا ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے غیر رجسٹرڈ پولٹری فارمز کو فیڈ سپلائی کرنے پر مل مالکان پر اضافی ٹیکس عائد کیا۔ یہ اضافی ٹیکس سال 2024 کے فنانس ایکٹ کی مد میں وصول کیا جا رہا تھا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ قانون کے مطابق پولٹری فارمز کو ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے اور استثنیٰ ملنے پر پولٹری فارمز رجسٹریشن کے پابند نہیں اور قانون غیر رجسٹرڈ پولٹری فارمز کو مکمل تحفظ فراہم کرتا ہے۔ آئینی عدالت نے قرار دیا کہ رجسٹریشن کی قانونی پابندی نہ ہونے پر پولٹری فارمز اور فیڈ ملز کو سزا نہیں دی جاسکتی، اس لیے لاہور ہائیکورٹ کا پولٹری فیڈ ملز سے چار فیصد اضافی ٹیکس وصولی کو درست قرار دینے کا فیصلہ کالعدم قرار دیتی ہے۔ واضح رہے کہ لاہور ہائیکورٹ نے پولٹری فیڈ ملز سے 4 فیصد اضافی ٹیکس کی وصولی کو درست قرار دیا تھا، اور پولٹری فیڈ ملز مالکان نے اس فیصلے کیخلاف آئینی عدالت سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 9

لیکن اس کے تحت اسرائیل کو بیروت اور حزب اللہ کے زیر کنٹرول اس کے مضافات پر حملوں سے باز رہنا ہوگا، جب کہ ایران کا حامی گروپ اسرائیل پر اپنے حملے روک دے گا۔ ادھر اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے جنوبی لبنان پر حملے جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ سلامتی کونسل اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے کہا کہ اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی کے انتظامات اور براہ راست بات چیت کے باوجود، لبنان میں سکیورٹی اور انسانی صورت حال انتہائی تیزی سے بگڑ رہی ہے، جس کے ساتھ اسرائیلی فوجی کارروائیوں اور لبنانی حدود میں زمینی دراندازی میں بھی وسعت آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2000 مربع کلومیٹر جنوبی لبنان کا تقریباً 20 فیصد بنتا ہے، اب اسرائیل کے غیر قانونی قبضے میں ہے، انخلا کے غیر قانونی احکامات شہریوں کے لیے مزید بے پناہ مصائب کا باعث بن رہے ہیں۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ یہ وہی حکمت عملی، وہی طریقہ کار ہے جو ہم نے دیگر مقامات پر دیکھا ہے یعنی اندھا دھند قتل عام، جبری بے دخلی اور قبضہ۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سال مارچ سے اب تک لبنان میں خواتین اور بچوں سمیت 3400 سے زائد اموات اور 10,000 سے زائد افراد زخمی ہو چکے ہیں جبکہ 10 لاکھ سے زائد لوگ بے گھر ہوئے۔ اسرائیل کی غیر ذمہ دارانہ کارروائیوں کی مذمت کرتے ہوئے عاصم افتخار نے کہا کہ پاکستان کشیدگی میں کمی کے لیے کی جانے والی تمام سفارتی کوششوں کی حمایت کرتا ہے۔ لبنان اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کروانے میں امریکی کوششوں کے خیر مقدم اور اس عمل میں مسلسل شمولیت کی حمایت کرتے ہوئے پاکستانی مندوب کا مزید کہنا تھا کہ پائیدار امن صرف مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 10

کی اپنے گھر کی کھڑکی سے خاتون کو نازیبا اشارے کرنے کی ویڈیو بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی مذکورہ واقعہ گزشتہ ماہ 30 مئی کی دوپہر پیش آیا تھا۔ جبکہ رضویہ پولیس نے مدعیہ ارم کی مدعیت مقدمہ نمبر 211 سال 2026 بجرم دفعات 354، 509، 427، 506 اور 504 کے تحت درج کرکے مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن پولیس کے حوالے کر دیا۔ مدعیہ کے مطابق ملزم اس کا پڑوسی ہے، 30 مئی کو وہ گھر پر تھی تو یہ شخص اپنے گھر کی کھڑکی سے انگلیوں کے نازیبا، گندے اشارے اور گالم گلوچ کر رہا تھا اور بعد ازاں گھر کے دروازے پر آکر لاتیں مار کر توڑ دیا اور گھر میں داخل ہو کر میرا ہاتھ پکڑ لیا جس پر شور شرابہ کیا تو وہ وہاں سے بھاگ گیا۔ خاتون کو نازیبا اشارے کرنے والے گرفتار ملزم زبیر احمد کا بھی ویڈیو بیان سامنے آیا ہے جس میں اس کا کہنا تھا کہ 30 مئی کو بچوں میں جھگڑا ہوا تھا، خاتون ارم (مدعیہ) اور ایک خاتون کی جانب سے بھی بداخلاقی کی گئی جبکہ میری جانب سے بھی بداخلاقی اور نازیبا اشارہ ہوگیا، میں اپنے اس عمل پر شرمندہ ہوں اس کی معذرت ومعافی چاہتا ہوں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 11

کوئی معاشی منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا، بجٹ تو منظور ہو جائے گا لیکن عوام کی توقعات پر پورا اترنے میں ایک بار پھر ناکامی ہوگی، ان کا کہنا تھا کہ بجٹ 27-2026 آئی ایم ایف کی شرائط مشاورت اور مقررہ اہداف کے تحت تیار کیا جا رہا ہے، پارلیمنٹ بجٹ دستاویز پر محض ربڑ سٹیمپ کا کردار ادا کرے گی۔ شاہد محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان کی معاشی خودمختاری شدید متاثر ہو چکی ہے، غیر ملکی سرپرستی میں جاری عسکریت پسندی اور بدانتظامی ریاستی رٹ کے لیے چیلنج بن چکی ہے، پاکستان کو مشرقی اور مغربی سرحدوں پر بیک وقت چیلنجز کا سامنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بڑھتی مہنگائی اور گرتی قوت خرید نے عوامی مشکلات میں اضافہ کر دیا

بقیہ نمبر ☆.....☆ 12

کوئی معاشی منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا، بجٹ تو منظور ہو جائے گا لیکن عوام کی توقعات پر پورا اترنے میں ایک بار پھر ناکامی ہوگی، ان کا کہنا تھا کہ بجٹ 27-2026 آئی ایم ایف کی شرائط مشاورت اور مقررہ اہداف کے تحت تیار کیا جا رہا ہے، پارلیمنٹ بجٹ دستاویز پر محض ربڑ سٹیمپ کا کردار ادا کرے گی

بقیہ نمبر ☆.....☆ 13

پچاس سال قبل حاصل کرنی چاہیے تھے۔ زندگی کا ایک عجوبہ کام جو بہت سال پہلے کرنا چاہیے تھا، وہ اب کر رہا ہوں۔ سابق وزیر نے یقین دہانی کرائی کہ ڈسٹرکٹ بار کی رکنیت بحال ہوگئی تو بار کی سیاست نہیں کروں گا بلکہ صرف سردار رازق کے چیمبر میں بیٹھ کر پریکٹس کروں گا۔ دریں اثنا انسداد دہشت گردی عدالت میں شیخ رشید کی درخواست پر سماعت ہوئی اور عدالت نے سابق وزیر داخلہ کے عمرے پر جانے کی اجازت سے متعلق درخواست پر دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا۔ سماعت کے بعد شیخ رشید نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمرے کی ادائیگی کے لیے جانا تھا جس کے لیے عدالت میں درخواست دی تھی۔ پہلے بھی عمرے پر گئے تھے تو واپس آئے تھے، اب بھی گئے تو واپس آئیں گے۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ بجٹ کے حوالے سے کیا بتاؤں۔ مہنگائی، بے روزگاری، غربت اب عیاں ہوگئی ہے اور سب کو سامنے نظر آرہی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 14

سے سیلاب کا الرٹ جاری کر دیا ہے، اس کے ساتھ ہی سیاح اور مسافر غیر ضروری سفر سے اجتناب کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ پی ڈی ایم اے نے بالخصوص چترال، دیر، سوات، کوہستان اور مانسہرہ میں اس حوالے سے ہائی الرٹ جاری کر دیا ہے۔ کے پی میں شدید گرمی کی لہر برقرار اور 4 جون کی شام سے بالائی علاقوں میں بارش کا امکان ہے جب کہ شدید گرمی سے گلیشیئرز اور برف تیزی سے پگھلنے لگے ہیں جس کے باعث گلوف اور فلیش فلڈز کا خطرہ ہے۔ سوات، چترال، دیر، کوہستان اور مانسہرہ میں لینڈ سلائیڈنگ اور سڑکیں متاثر ہونے کا خدشہ جب کہ ندی نالوں اور دریاؤں میں اچانک طغیانی سے نشیبی علاقے زیر آب آنے کا خطرہ بھی ہے۔ پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو حساس مقامات کی مسلسل نگرانی اور بروقت وارننگ جاری کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے خطرناک علاقوں میں انخلا کی مشقیں اور محفوظ مقامات پر ضروری سامان پہنچانے کا حکم جاری کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ نشیبی علاقوں کے مکینوں کو پیشگی خبردار کرنے اور کمیونٹی الرٹ سسٹم فعال رکھنے کی ہدایت کے ساتھ عوام کو دریا کناروں، برساتی نالوں اور تیز بہاؤ والے مقامات کے قریب جانے سے گریز کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان کا شمار گلوبل وارمنگ سے شدید متاثرہ ممالک میں ہوتا ہے اور کئی سال سے ملک کے بیشتر بالخصوص بالائی اور شمالی علاقوں میں گلیشیئر پھٹنے، لینڈ سلائیڈنگ اور فلیش فلڈنگ بڑی تباہی پھیلا رہی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 15

مطابق لین کی خلاف ورزی پر پہلے دن مجموعی طور پر 96 چالان کیے گئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق تمام چالان میٹرو پول سے ایئرپورٹ آنے جانے والی سڑک پر ہوئے، پہلے دن 11 کیبٹگریز کی سواریوں کے فیس لیس چالان ہوئے، بڑی بس 2، کوسٹر 2، ڈبل کیبن 1 اور گاڑی کے 9 چالان کیے گئے۔ منی بس 6، منی ٹرک 3 اور سوزوکی پک اپ کے 21 چالان ہوئے، موٹر سائیکل کے سب سے زیادہ 43، ٹرک 3، وین 4 اور واٹر ٹینکر کے 2 چالان ہوئے۔ تمام چالان اپنی لین سے ہٹ کر دوسری لین میں چلانے پر ہوئے ہیں، جب کہ فرسٹ لین میں آہستہ چلانے پر بھی فیس لیس چالان کیا گیا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 16

، 43 لاکھ بکروں، پانچ لاکھ بھیڑوں اور 30 ہزار اونٹوں کی کھالوں سے 7.8 ارب روپے کی معاشی سرگرمی متوقع ہے۔ اس حوالے سے عرب نیوز کی ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ کھالوں کی خرید وفروخت سے لاکھوں افراد کا روزگار وابستہ جبکہ چمڑے کی صنعت کا ملکی برآمدات میں اہم حصہ ہے۔ پاکستان میں عیدالاضحیٰ پر جانوروں کی کھالوں کی خرید وفروخت ایک وسیع معاشی سرگرمی کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ گزشتہ نو سال میں چمڑے کی صنعت کا رجحان کھالوں کی فراہمی سے منافع بخش تیار مصنوعات کی طرف منتقل ہوا اور پاکستانی برآمدات میں چمڑے سے تیار شدہ مصنوعات اور جوتوں کا حجم 20,694 ملین ڈالر تک پہنچ چکا ہے۔ حکومت ملک میں چمڑے کی صنعت کو خام مال کی فراہمی سے تیار شدہ مصنوعات کی طرف منتقل کرنے کیلیے کوشاں ہے۔ معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ قربانی کے جانوروں اور ان کی کھالوں کی بڑھتی تعداد ملک میں خریداری کی مضبوط صلاحیت اور معاشی اعتماد کی عکاس ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 17

ایف کے تخمینہ جات کے مطابق 20 جون کو ختم کو ہونے والے رواں مالی سال 2025-26 کے دوران پاکستان کی برآمدات 31 ارب 93 کروڑ ڈالرز رہنے کا امکان ہے جو آئندہ مالی سال 2026-27 کے دوران بڑھ کر 35 ارب 63 کروڑ ڈالرز پر پہنچ جائیں گی۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 18

ات میں آئی ایم ایف نے ٹیکس کی چھوٹ اور رعایتوں میں مزید کمی کا مطالبہ کر دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ٹیکس کی چھوٹ اور رعایتیں مزید کم کرنے سے تقریباً 40 ارب روپے حاصل ہونے کا امکان ہے۔ وفاقی حکومت نے 30 جون 2026 کے بعد ٹیکس چھوٹ میں مزید توسیع نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے اور آئندہ مالی سال کے بجٹ میں مختلف ٹیکس استثنیٰ ختم کرکے محصولات اکٹھے کرنے کا منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سابق فاٹا اور پاٹا کے لیے انکم ٹیکس استثنیٰ 30 جون 2026 کو ختم ہوجائے گا، جب کہ یکم جولائی 2026 کے بعد فاٹا اور پاٹا کے رہائشی افراد اور کمپنیوں پر عام ٹیکس قوانین لاگو ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فاٹا اور پاٹا میں سیلز ٹیکس بھی مرحلہ وار بڑھائے جانے کا امکان ہے۔ اس سلسلے میں سابق فاٹا اور پاٹا کی صنعتوں پر سیلز ٹیکس 10 فی صد سے بڑھا کر 12 فی صد کیے جانے کی تجویز زیر غور ہے، جب کہ سابق قبائلی علاقوں میں درآمدی صنعتی خام مال پر بھی 12 فی صد سیلز ٹیکس عائد ہونے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق فاٹا اور پاٹا کے لیے دو ہولڈنگ ٹیکس استثنیٰ بھی یکم جولائی 2026 کو ختم ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ الیکٹرک گاڑیوں کے سی کے ڈی کٹس پر سیلز ٹیکس چھوٹ یکم جولائی 2026 سے ختم ہونے کا امکان ہے، جب کہ مقامی طور پر تیار یا اسمبل کی جانے والی الیکٹرک گاڑیوں پر ایک فی صد سیلز ٹیکس 30 جون 2026 تک نافذ رہے گا۔ اسی طرح ہائبرڈ الیکٹرک گاڑیوں پر رعایتی سیلز ٹیکس کی مدت بھی 30 جون 2026 کو ختم ہوجائے گی اور اس میں مزید رعایت دیے جانے کا امکان نہیں ہے۔ ذرائع کے مطابق قبائلی علاقوں میں بجلی کی فراہمی پر سیلز ٹیکس استثنیٰ 30 جون 2026 تک برقرار رہے گا، جب کہ مقامی طور پر تیار کردہ سائلوز پر سیلز ٹیکس چھوٹ بھی 30 جون 2026 کو ختم ہو جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ یکم جولائی سے پٹرولیم مصنوعات پر کلائمٹ سپورٹ لیوی دگنی کیے جانے کا امکان ہے۔ اس کے تحت پٹرولیم مصنوعات پر کلائمٹ سپورٹ لیوی 5.2 روپے فی لیٹر سے بڑھا کر 5 روپے فی لیٹر وصول کی جاسکتی ہے۔ آئندہ مالی سال کے دوران کلائمٹ سپورٹ لیوی کی مد میں 90 ارب روپے سے زائد وصول ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 19

نگ سے حاصل ہونے والا منافع جلد ٹیکس کے دائرے میں آسکتا ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی کو کرپٹو صارفین کے لیے ٹیکس اقدامات تجویز کرنے کی ہدایات دی گئی تھیں، جب کہ کرپٹو صارفین کی تعداد، ٹرانزیکشنز اور ٹیکس میکنزم کا جائزہ لینے کے لیے ایک کمیٹی بھی قائم کی گئی تھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چند ماہ قبل مرکزی بینک نے ورچوئل اثاثوں کو قانونی حیثیت دینے اور ڈیجیٹل کرنسی متعارف کرانے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس اقدام کے تحت پاکستانی روپے کو ڈیجیٹل کرنسی میں تبدیل کرکے ورچوئل اثاثوں کی خریداری ممکن بنائی جاسکے گی، جب کہ پاکستانی روپے کی شکل میں موجود رقم کو کرپٹو کرنسی میں ایکسچینج بھی کیا جاسکے گا۔ ذرائع کے مطابق ورچوئل اثاثوں کو اشیا، خدمات اور ایکو سسٹم سے باہر خریداری کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکے گا، جب کہ ڈیجیٹل کرنسی صرف ورچوئل اثاثوں کے لیے پاکستان میں قائم دفاتر کو جاری کی جائے گی۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ کرپٹو کرنسی کے لیے قانونی فریم ورک بھی تیار کیا جاچکا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 20

گئے۔ بھارتی جریدہ انڈیا ٹوڈے کے مطابق منی پور کے ضلع کانگپوکپی کے گاؤں کھارام وانکھیئی میں لگنے والی آگ سے پانچ مکانات مکمل تباہ ہوگئے، کوکی تنظیموں نے واقعے کی غیر جانبدار تحقیقات اور ذمہ دار عناصر کے تعین کا مطالبہ کر دیا۔ انڈیا ٹوڈے کے مطابق واقعہ چرچ رہنماؤں کے قتل میں انصاف اور 14 یرغمال افراد کی رہائی کیلیے جاری کوکی زو تنظیموں کی احتجاجی ریلیوں کے دوران پیش آیا۔ منی پور کے مزاحمتی گروہ کے ٹوئٹ کے مطابق بھارتی عسکری گروہ آسام رائفلز نے منی پور کے علاقہ اُکھرول میں بے گناہ لوگوں پر فائرنگ کرکے گھروں کو آگ لگا دی۔ عالمی ماہرین کے مطابق منی پ

کہوٹہ، جنگل میں ہولناک آگ، فرنٹ لائن پر لڑنے والے فائر فائٹرز شدید زخمی

جھنڈی نہیر فاریسٹ آگ پر قابو پانے کی کوشش، اہلکار جھلس کر ہسپتال منتقل

راولپنڈی (پی پی اے) کہوٹہ کے علاقے جھنڈی نہیر کے گزارہ جنگل سے اٹھنے والی ہولناک آگ بے قابو ہو کر سرکاری فاریسٹ جنگل نمبر 71 میں داخل ہو گئی اس قومی اثاثے اور جنگلات کو بچاتے ہوئے فرنٹ لائن پر لڑنے والے فائر فائٹر اسجد دوسرے فائر فائٹر فاریسٹ گارڈ نذر اور مقامی فیلڈ عملہ اپنی جانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے شدید جھلس گئے جنگل کو خاکستر ہونے اور مزید بڑی تباہی سے بچانے کے اس خطرناک آپریشن کے دوران یہ تمام اہلکار آگ کی بے رحم لپٹوں کی زد میں آ کر بری طرح زخمی ہوئے جنہیں تشویشناک حالت میں فوری طور پر راولپنڈی کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے عوامی و سماجی حلقوں نے اپنی جان پر کھیل کر ماحول اور جنگلات کی حفاظت کرنے والے ان تمام بہادر جوانوں اور لوکل عملے کی فرض شناسی کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا ہے

لیمپی سکن بیماری سے مویشی متاثر، ویکسین کی عدم دستیابی پر تشویش

جانوروں کے لیے ویکسین نہ ہونے پر زمینداروں کا حکومت سے فوری مطالبہ

میانوالی (امجد ہاشمی) لیمپی سکن کی بیماری سے لوگوں کے جانور متاثر۔ شفاخانہ حیوانات کندیاں میں لیمپی سکن کی ویکسینیشن موجود نہیں جانوروں کی مختلف بیماریوں میں لیمپی سکن ایک موذی مرض ہے جس سے گائے بھینس کے جسم پہ دانے نمودار ہونا شروع ہو جاتے ہیں جس سے جانور کا کھانا پینا کم ہو جاتا ہے گزشتہ برس بھی اس بیماری سے متعدد زمینداروں کے جانور مر گئے تھے اب بھی متعدد جانوروں کے بیمار ہونے کی اطلاعات ہیں زمینداروں اس پریشانی سے نمٹنے کیلئے بیماری سے پہلے جانوروں کی ویکسینیشن کروانا چاہتے ہیں لیکن شفاخانہ حیوانات کندیاں میں ادویات موجود نہیں ہیں شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس سے پہلے کہ ہمارے جانور لیمپی سکن سے بیمار ہوں ہمیں حکومت کی طرف سے جانوروں کے ہسپتال میں لیمپی سکن کی ویکسینیشن مہیا کی جائے

اثاثہ ظفروال کے زیر اہتمام 4 جون کو عید ملن مشاعرہ کا انعقاد

ملک بھر کے شعراء کی شرکت، شاہد زکی صدارت کریں گے

نارووال (محمد ندیم خالق) ادبی تنظیم اثاثہ ظفروال کے زیر اہتمام 4 جون 2026 سہ پہر 4 بجے بمقام محمد دین آڈیٹوریم سٹی کالج ظفروال میں: عید ملن مشاعرہ: انعقاد پذیر ہوگا مشاعرہ کی صدارت ملک کے نامور شاعر شاہد زکی کریں گے مشاعرہ کی نگرانی ادبی تنظیم اثاثہ کی صدر محترمہ آصفہ مریم صاحبہ و دیگر منتظمین کریں جبکہ مشاعرہ میں ملک بھر کے شعراء کرام شرکت کریں گے اور اپنا اپنا کلام پیش کریں گے۔ عید ملن مشاعرہ میں پروفیسر عبدالقیوم۔ ریٹائرڈ طاہر وحید۔ میاں مشتاق احمد۔ پروفیسر محمد اسحاق۔۔ ملک الیاس پروفیسر مختار چشتی۔ صابر ناز۔ اصغر بھٹی۔ حکیم نعیم ارشد۔ عبدالستار راز و دیگر شعراء کرام بھی شرکت کریں گے۔ منتظمین کی جانب سے ضیافت کا بھی بندوبست کیا گیا ہے۔

اسلام آباد میں جوجٹسو اور ایم ایم اے کھلاڑیوں کی کارکردگی پر خراجِ تحسین

نوجوان کھلاڑیوں کی عالمی کامیابیوں کا اعتراف، حکومتی سرپرستی جاری رکھنے کا عزم

اسلام آباد (پی پی اے) چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کھیلوں کے فروغ اور نوجوان ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی کے سلسلے میں پاکستان جوجٹسو اور مکسڈ مارشل آرٹس ایم ایم اے کے کھلاڑیوں اور عہدیداران سے ملاقات کی اس موقع پر بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے لیے نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا ملاقات میں پاکستان جوجٹسو اور ایم ایم اے ٹیموں کی حالیہ بین الاقوامی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا کھلاڑیوں نے مختلف عالمی اور علاقائی مقابلوں میں گولڈ سلور اور برانز میڈلز جیت کر ملک کا نام روشن کیا خصوصاً ایشین ایم ایم اے چیمپئن شپ میں سلور میڈل کے حصول نے پاکستان کے لیے ایک نئی تاریخ رقم کی جس کے نتیجے میں ملک پہلی مرتبہ ایشین انڈور اینڈ مارشل آرٹس گیمز 2026 کے لیے کوالیفائی کرنے میں کامیاب ہوا پاکستان مکسڈ مارشل آرٹس فیڈریشن کے صدر ذوالفقار علی نے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی پر رانا مشہود احمد خان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی سرپرستی نوجوان کھلاڑیوں کے اعتماد میں اضافے اور ان کی بہتر کارکردگی میں اہم کردار ادا کرتی ہے اس موقع پر پاکستان جوجٹسو فیڈریشن اور ساؤتھ ایشین جوجٹسو ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل طارق علی نے چیئرمین کو کھلاڑیوں کی حالیہ کامیابیوں آئندہ بین الاقوامی مقابلوں اور تیاریوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی رانا مشہود احمد خان نے کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت نوجوان کھلاڑیوں کو ہر ممکن سہولیات اور مواقع فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے تاکہ وہ عالمی سطح پر پاکستان کا پرچم مزید بلند کر سکیں

حضرت شیخ محمد موسیٰ نواب ہاشمی کا 780 واں سالانہ عرس 10 جون سے شروع

عرس کی تیاریاں مکمل، ملک بھر سے زائرین و علماء کی شرکت متوقع

صادق آباد (نمائندہ خصوصی) تحصیل صادق آباد کے علاقے سروانی سنجر پور میں واقع درگاہ سخی نواب الاولیاء پرستاج الاولیاء شمس العارفین نواب العارفین حضرت قبلہ شیخ محمد موسیٰ نواب الاسدی الہاشمی القریشی سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کا 780 واں سالانہ عرس مبارک عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ عرس مبارک کی تین روزہ تقریبات کا باقاعدہ آغاز بتاریخ 24 اور 25 ذوالحج 1446ھ بمطابق 10 اور 11 جون 2026ء بروز بدھ اور جمعرات کو ہوگا۔ عرس مبارک کی تمام علمی، روحانی اور دعائیہ نشستوں کی صدارت ممتاز مذہبی اسکالر پروفیسر پیر زادہ سید میر محمد ہاشمی قریشی سجادہ نشین تماچانی شریف، سکھر کریں گے، جو اپنے خصوصی خطاب میں حضرت شیخ مخدوم محمد موسیٰ نواب الاسدی الہاشمی القریشی رحمۃ اللہ علیہ کی دینِ اسلام کے لیے خدمات، صوفیانہ تعلیمات اور اسلاف کے نقشِ قدم پر روشنی ڈالیں گے۔ درگاہ سخی نواب الاولیاء پر ہونے والے اس دو روزہ پروگرام میں ملک بھر سے مشائخ عظام، علمائے کرام، نعت خوان اور زائرین کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔ عرس کے موقع پر مزار مبارک کو غسل دینے اور چادر پوشی کی رسومات ادا کی جائیں گی، جبکہ زائرین کے لیے لنگر اور سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ پروفیسر پیر زادہ سید میر محمد ہاشمی قریشی سجادہ نشین تماچانی شریف، سکھر کی زیرِ نگرانی آخری روز ملک و ملت کی سلامتی اور استحکام کے لیے خصوصی اختتامی دعا کروائی جائے

ریسکیو 1122 نارووال کی شاندار کارکردگی، مئی میں 2905 افراد کو ریسکیو

ایمرجنسی سروس نے بروقت امداد دے کر قیمتی جانیں بچائیں

نارووال (محمد ندیم خالق) پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 نارووال نے ماہ مئی 2026 کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق ریسکیو 1122 نارووال کے کنٹرول روم میں مجموعی طور پر 948,14 کالز موصول ہوئیں، جن میں سے 818,2 ایمرجنسی کالز تھیں۔ ماہ مئی کے دوران ریسکیو 1122 نے مختلف نوعیت کی ایمرجنسیز میں بروقت ریسپانس کرتے ہوئے 905,2 متاثرین کو ریسکیو کیا۔ متاثرین میں سے 204,1 افراد کو موقع پر ابتدائی طبی امداد (فرسٹ ایڈ) فراہم کی گئی جبکہ 614,1 افراد کو ابتدائی طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق مختلف اقسام کی ایمرجنسیز میں 1 ڈرونگ (ڈوبنے) کا واقعہ، 109 اونچائی سے گرنے کے واقعات، 122 آگ لگنے کے واقعات، 727,1 میڈیکل ایمرجنسیز، 255 ریسکیو آپریشنز، 538 روڈ ٹریفک حادثات، 62 کرائم کیسز اور 4 بلڈنگ گرنے کے واقعات شامل ہیں۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نارووال انجینئر اورنگزیب نے کہا کہ پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122، سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارۂ امتیاز) کی قیادت میں عوام کو بروقت اور معیاری ایمرجنسی سروسز کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریسکیو 1122 ہر قسم کی ایمرجنسی سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے اور جدید تربیت یافتہ عملہ، آلات اور وسائل کے ذریعے شہریوں کو فوری امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ کسی بھی قسم کی ایمرجنسی کی صورت میں فوری طور پر 1122 ڈائل کریں تاکہ قریبی ریسکیو ٹیم کم سے کم وقت میں موقع پر پہنچ کر جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام ٹریفک قوانین کی پابندی کریں، آگ سے بچاؤ کے حفاظتی اقدامات اختیار کریں اور حادثات کی روک تھام کے لیے احتیاطی تدابیر اپنائیں تاکہ قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ ممکن بنایا جا سکے۔

گلگت بلتستان انتخابات، مسلم لیگ (ن) کی انتخابی مہم پر مشاورت

نواز شریف اور امیر مقام ملاقات، تنظیمی امور اور عوامی رابطوں پر تبادلہ خیال

گلگت بلتستان (پی پی اے) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان اور مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا کے صدر امیر مقام نے پارٹی قائد میاں محمد نواز شریف سے اہم ملاقات کی جس میں گلگت بلتستان میں جاری انتخابی مہم عوامی رابطہ سرگرمیوں اور تنظیمی معاملات پر تفصیلی غور کیا گیا ملاقات کے دوران امیر مقام نے انتخابی مہم کی تازہ صورتحال اور پارٹی کارکنوں کی سرگرمیوں سے آگاہ کیا نواز شریف نے کارکنوں اور تنظیمی عہدیداروں کی محنت کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ عوام سے رابطوں کو مزید مضبوط اور مؤثر بنایا جائے تاکہ پارٹی کا پیغام گھر گھر پہنچ سکے اس موقع پر امیر مقام نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے کارکن بھرپور جذبے اور عزم کے ساتھ انتخابی مہم چلا رہے ہیں اور عوام کی مثبت پذیرائی اس بات کا ثبوت ہے کہ پارٹی پر عوام کا اعتماد برقرار ہے انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) ترقی خوشحالی اور عوامی فلاح کے واضح پروگرام کے ساتھ میدان میں موجود ہے اور کارکن جمہوری روایات اور قانون کی پاسداری کرتے ہوئے انتخابی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی حمایت سے مسلم لیگ (ن) گلگت بلتستان میں نمایاں کامیابی حاصل کرے گی اور خطے کی ترقی و خوشحالی کے سفر کو مزید تیز کرے گی

لاہور پولیس کا شہید کانسٹیبل محمد قیصر کی قبر پر گارڈ آف آنر، پھولوں کی چادر چڑھائی گئی

آئی جی پنجاب: شہداء ہمارا فخر ہیں، پولیس شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے

مانگا منڈی آئی جی پنجاب عبد الکریم کے احکامات پر لاہور پولیس نے شہید کانسٹیبل محمد قیصر کی قبر پر حاضری دی اور پولیس کے جاق و چوبند دستے شہید کی قبر پر روایتی سلامی پیش کی اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔ مانگا منڈی (ملک مشرف حسین صابری سے) تفصیلات کے مطابق چاہ تمولی کے رہائشی شہید محمد قیصر وہ جوان تھے جنھوں نے 02 جون کو 15 پولیس ہیلپ لائن پر ڈکیتی کی کال پر فوری ریسپانس دیا اور ڈاکوؤں سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا لاہور آج کانسٹیبل محمد قیصر کے یوم شہادت پر لاہور پولیس کے خصوصی دستے نے ان کی قبر پر حاضری دی گارڈ آف آنر پیش کیا اور پھولوں کی چادر چڑھائی اور شہید کے درجات کی بلندی اور ملک و قوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی آئی جی پنجاب عبد الکریم کا کہنا ہے کہ شہید ہمارا اصل اثاثہ اور فخر ہیں لاہور پولیس اپنے شہدا کے خاندانوں کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑی ہے ہم ان ہیروز کو کبھی نہیں بھولیں گے

راولپنڈی پولیس کی شاندار کارکردگی، کانسٹیبل زرغام حیدر کو بین الاقوامی مقابلوں میں کامیابی پر خراجِ تحسین

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کارروائیوں اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے ساتھ ساتھ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے ساؤتھ ایشیاء گیمز میں پاکستان کا نام روشن کرنے والے راولپنڈی پولیس کے کانسٹیبل زرغام حیدر کی خصوصی حوصلہ افزائی کی اور انہیں تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا۔ کانسٹیبل زرغام حیدر نے کھٹمنڈو، نیپال میں منعقدہ "فرسٹ انٹرنیشنل بلیک پینتھر مارشل آرٹس چمپئن شپ" (جو کہ 11 ویں ساؤتھ ایشین گیمز فار آل سپورٹس کے زیرِ نگرانی ہوئی) میں پاکستان، بھارت، نیپال، بھوٹان، بنگلا دیش اور سری لنکا سمیت دیگر ممالک کی ٹیموں کے خلاف کھیلتے ہوئے 10 مختلف مقابلوں میں 4 گولڈ میڈلز، 1 ٹائٹل بیلٹ اور 2 سلور میڈلز حاصل کیے۔ اس موقع پر انھوں نے امید ظاہر کی کہ وفاقی حکومت بجٹ میں محنت کشوں، سرکاری ملازمین اور پنشنرز کے جائز مطالبات کو ترجیح دے گی تاکہ موجودہ مہنگائی کے دور میں عوام کو کچھ ریلیف مل سکے اور ان کے معاشی مسائل میں کمی واقع ہو

اسلام آباد پولیس سمر کیمپ 2026 کا آغاز، بچوں کی تربیتی سرگرمیاں شروع

پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد بڑھانے کے لیے سمر کیمپ کا انعقاد

اسلام آباد (پی پی اے) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے عوام دوست پولیسنگ وژن کے تحت اسلام آباد پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں سمر کیمپ 2026 کا آغاز کر دیا گیا کیمپ کا افتتاح اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل پولیس لاجسٹکس عبدالحق عمرانی نے کیا اس موقع پر عبدالحق عمرانی نے کہا کہ سمر کیمپ کے انعقاد کا مقصد پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کو مضبوط بنانا اور بچوں کی جسمانی ذہنی اور اخلاقی صلاحیتوں کو نکھارنا ہے انہوں نے بتایا کہ اسلام آباد پولیس 2002 سے مسلسل اس کیمپ کا انعقاد کر رہی ہے جس میں 4 سے 12 سال عمر کے بچے حصہ لیتے ہیں سمر کیمپ میں بچوں کو تیراکی گھڑ سواری مارشل آرٹس جمناسٹکس تیراندازی فٹ بال گالف اور دیگر جسمانی سرگرمیوں کی تربیت دی جاتی ہے اس کے علاوہ بچوں کو ذاتی حفاظت ابتدائی طبی امداد اور ٹریفک قوانین سے بھی آگاہ کیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ ایسی مثبت سرگرمیاں بچوں میں خود اعتمادی نظم و ضبط اور مقابلے کی صحت مند فضا کو فروغ دیتی ہیں آخر میں انہوں نے والدین کو یقین دلایا کہ کیمپ میں بچوں کی حفاظت اور بہترین تربیت کے لیے تمام ضروری انتظامات کیے گئے ہیں والدین نے سمر کیمپ کے انعقاد پر اسلام آباد پولیس کی کاوشوں کو سراہا

وفاقی بجٹ 2026-27 کی پیشی ملتوی، نئی تاریخ جلد متوقع

مالی اہداف اور مشاورت کے باعث بجٹ شیڈول میں تبدیلی

اسلام آباد (پی پی اے) وفاقی حکومت نے آئندہ مالی سال 2026-27 کے بجٹ کی پیشی سے متعلق شیڈول میں تبدیلی کر دی ہے ذرائع کے مطابق پہلے وفاقی بجٹ 5 جون کو پیش کیے جانے کا امکان تھا، تاہم اب بجٹ کی تاریخ تبدیل کر دی گئی ہے اور نئی تاریخ کا باضابطہ اعلان جلد متوقع ہے قبل ازیں مختلف حکومتی اور پارلیمانی ذرائع کی جانب سے 5 جون کو بجٹ پیش کیے جانے کی اطلاعات سامنے آئی تھیں جبکہ اس مقصد کے لیے قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اجلاس بھی طلب کیے گئے تھے بجٹ شیڈول میں تبدیلی کی وجوہات کے حوالے سے حکومتی حلقوں کا کہنا ہے کہ مالی اہداف محصولات اور دیگر معاشی امور پر مشاورت کا عمل جاری ہے جس کے بعد حتمی تاریخ کا اعلان کیا جائے گا

سرکاری ملازمین و پنشنرز کے لیے بجٹ میں ریلیف پیکیج کا مطالبہ، تنخواہوں میں اضافے کی اپیل

مزدور رہنماؤں کا کم از کم اجرت 70 ہزار مقرر کرنے اور نجکاری روکنے کا مطالبہ



اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان ورکرز فیڈریشن کے سرپرستِ اعلیٰ چوہدری محمد یٰسین، جنرل سیکرٹری اسد محمود، صدر شوکت علی انجم، چیئرمین عبدالرحمان عاصی اور دیگر عہدیداران نے وفاقی بجٹ میں سرکاری ملازمین، محنت کشوں اور پنشنرز کے لیے ریلیف پیکیج کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہوشربا مہنگائی، بجلی، گیس اور اشیائے خورونوش کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، سرکاری ملازمین کی تنخواہیں اور پنشن موجودہ معاشی حالات کے مقابلے میں انتہائی ناکافی ہو چکی ہیں جس کے باعث انہیں شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کو چاہیے کہ مہنگائی کی موجودہ شرح کو مدنظر رکھتے ہوئے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں خاطر خواہ اضافہ اور ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں مناسب اضافہ کرے تاکہ ان کی قوتِ خرید بحال ہو سکے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مزدور کی کم از کم اجرت 70 ہزار روپے ماہانہ مقرر کی جائے، چاروں ایڈہاک الاؤنسز کو بنیادی تنخواہ میں ضم کر کے تمام پے سکیلز پر نظرِ ثانی کی جائے جبکہ ملازمین کے کنوینس، میڈیکل اور ہاؤس رینٹ الاؤنس میں کم از کم 200 فیصد اضافہ کیا جائے۔ مزدور رہنماؤں نے کہا کہ سرکاری اداروں میں آؤٹ سورسنگ اور نجکاری کی پالیسی سے ملازمین میں سخت بے چینی پائی جاتی ہے لہٰذا سی ڈی اے سمیت دیگر سرکاری اداروں میں آؤٹ سورسنگ کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے اور کنٹریکٹ و ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل کیا جائے۔ حکومت محنت کش طبقے کے لیے سوشل سکیورٹی، ہیلتھ انشورنس اور ویلفیئر اسکیموں کا دائرہ کار وسیع کرے جبکہ تمام لیبر قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر انھوں نے امید ظاہر کی کہ وفاقی حکومت بجٹ میں محنت کشوں، سرکاری ملازمین اور پنشنرز کے جائز مطالبات کو ترجیح دے گی تاکہ موجودہ مہنگائی کے دور میں عوام کو کچھ ریلیف مل سکے اور ان کے معاشی مسائل میں کمی واقع ہو

چوہدری اسد حمید نایابی پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی آزاد کشمیر کے وائس چیئرمین مقرر

نوجوان قیادت کی تقرری سے فلاحی ادارے میں نئی توانائی اور بہتری کی امید



مظفر آباد (پی پی اے) حلقہ کوٹلہ مظفر آباد سے تعلق رکھنے والے باصلاحیت، متحرک اور نوجوان سیاسی و سماجی رہنما چوہدری اسد حمید نایابی کو بین الاقوامی شہرت یافتہ فلاحی ادارے پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی آزاد کشمیر کا وائس چیئرمین مقرر کر دیا گیا ہے۔ ان کی یہ اہم تقرری نہ صرف ان کی مسلسل محنت، خلوصِ نیت اور عوامی خدمت کے جذبے کا اعتراف ہے بلکہ ریاستی سطح پر نوجوان قیادت پر اعتماد کے اظہار کی بھی ایک روشن مثال ہے۔ چوہدری اسد حمید نایابی نے طالب علمی کے دور سے ہی سماجی اور سیاسی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کیا۔ نوجوانوں کے مسائل، عوامی فلاح و بہبود اور معاشرتی ترقی کے لیے ان کی مسلسل جدوجہد نے انہیں ریاست کی ابھرتی ہوئی قیادت میں نمایاں مقام دلایا۔ آج ایک اہم فلاحی ادارے میں ان کی تقرری اس بات کا ثبوت ہے کہ لگن، دیانت داری اور خدمتِ خلق کا جذبہ ہمیشہ کامیابی کی راہیں ہموار کرتا ہے۔ پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی آزاد کشمیر کے چیئرمین سردار شفیق احمد خان اور سیکرٹری و سابق ممبر قانون ساز اسمبلی گلزار فاطمہ کی قیادت میں ادارہ پہلے ہی انسانی خدمت اور فلاحی سرگرمیوں کے میدان میں فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ چوہدری اسد حمید نایابی کی بطور وائس چیئرمین شمولیت سے ادارے کی کارکردگی میں مزید بہتری، جدت اور نئی توانائی آنے کی توقع کی جا رہی ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ چوہدری اسد حمید نایابی اپنی قائدانہ صلاحیتوں، انتظامی تجربے اور عوامی خدمت کے جذبے کو بروئے کار لاتے ہوئے پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی آزاد کشمیر کے فلاحی منصوبوں کو مزید مؤثر اور وسیع بنائیں گے، جس سے ریاست بھر کے عوام بالخصوص ضرورت مند اور مستحق طبقات کو فائدہ پہنچے گا۔ حلقہ کوٹلہ مظفر آباد سمیت پورے آزاد کشمیر کے عوام نے چوہدری اسد حمید نایابی کی اس اہم تقرری کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں دلی مبارکباد پیش کی ہے اور اس امید کا اظہار کیا ہے کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں کو احسن انداز میں نبھاتے ہوئے انسانی خدمت کی اس عظیم روایت کو مزید فروغ دیں گے

عیدالاضحیٰ پر ستھرا پنجاب ٹیم کے صفائی کے مثالی انتظامات

قربانی کے بعد آلائشوں کی بروقت تلفی، شہریوں کا ٹیم کو خراجِ تحسین

جلال پور بھٹیاں (طاہر محمود ارائین) ستھرا پنجاب کی پوری ٹیم کی جانب سے سندواں تارڑ اور گردونواح میں عیدالاضحیٰ پر صفائی کے اچھے انتظامات کو یقینی بنایا گیا اور عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے میں ٹیم نے مثالی کردار ادا کیا۔ ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے چوہدری قاسم علی تارڑ نائب امیر جماعت اسلامی و نائب صدر کسان بورڈ ضلع حافظ آباد نے کہا کہ یہ کامیابی صرف محنت نہیں بلکہ جذبۂ خدمت، ٹیم ورک اور عوامی احساسِ ذمہ داری کا خوبصورت نمونہ ہے۔ اہلیانِ علاقہ کی جانب سے ستھرا پنجاب ٹیم کو خراجِ تحسین پیش کیا جاتا ہے جنہوں نے عید کے دنوں میں اپنی خوشیاں قربان کر کے عوام کی خدمت کو ترجیح دی۔ خصوصی طور پر سپروائزر یونین کونسل 9 سندھواں تارڑ حافظ ساجد بلال صاحب کا شکریہ، جنہوں نے بہترین نگرانی، محنت اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی ٹیم کے ساتھ ہر لمحہ میدان میں رہ کر صفائی آپریشن کو کامیاب بنایا جلال پور بھٹیاں (طاہر محمود ارائین) ستھرا پنجاب کی پوری ٹیم کی جانب سے سندواں تارڑ اور گردونواح میں عیدالاضحیٰ پر صفائی کے اچھے انتظامات کو یقینی بنایا گیا اور عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے میں ٹیم نے مثالی کردار ادا کیا۔ ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے چوہدری قاسم علی تارڑ نائب امیر جماعت اسلامی و نائب صدر کسان بورڈ ضلع حافظ آباد نے کہا کہ یہ کامیابی صرف محنت نہیں بلکہ جذبۂ خدمت، ٹیم ورک اور عوامی احساسِ ذمہ داری کا خوبصورت نمونہ ہے۔ اہلیانِ علاقہ کی جانب سے ستھرا پنجاب ٹیم کو خراجِ تحسین پیش کیا جاتا ہے جنہوں نے عید کے دنوں میں اپنی خوشیاں

نارووال میں ای بزنس پورٹل کے حوالے سے اہم اجلاس

کاروباری این او سی کے اجراء میں تیزی لانے کی ہدایت

نارووال:※ (میاں زاہد) ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان کی زیر صدارت ای۔ بزنس پورٹل کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈی سی آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایگریکلچر، میونسپل کمیٹیز، ضلع کونسل، لوکل گورنمنٹ، ہیلتھ اور لائیوسٹاک سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور این۔او۔سی کے اجراء کے طریقہ کار کو مزید مؤثر بنانے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران کمرشل و رہائشی عمارات، پٹرول پمپ، شادی ہالز، مارکیز اور دیگر کاروباری منصوبوں کے آغاز سے قبل درکار این۔او۔سی کے حصول کے لئے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن کے مطابق بنائے جانے والے آن لائن سسٹم پر مختلف محکموں کو موصول ہونے والی درخواستوں پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نارووال نے ہدایت کی کہ ای۔ بزنس پورٹل پر موصول ہونے والی درخواستوں پر متعلقہ محکمے بروقت محکمانہ کارروائی کو یقینی بنائیں تاکہ درخواست گزاروں کو غیر ضروری تاخیر کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان نے واضح کیا کہ حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق کاروباری حضرات کے لیے آسانیاں پیدا کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام محکمے باہمی رابطے کو مضبوط بناتے ہوئے درخواستوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائیں تاکہ نئے کاروبار کے آغاز میں حائل رکاوٹوں کو کم سے کم کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی درخواستوں کو مقررہ وقت کے اندر نمٹانا نہایت ضروری ہے، کیونکہ اس سے نہ صرف کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا بلکہ معیشت کی بہتری میں بھی مثبت پیش رفت ہوگی۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ای۔ بزنس پورٹل کے نظام کو مزید فعال اور مؤثر بنانے کے لیے اپنی کارکردگی کو بہتر بنائیں اور شہریوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کریں۔ نارووال:※ (میاں زاہد) ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان کی زیر صدارت ای۔ بزنس پورٹل کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈی سی آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایگریکلچر، میونسپل کمیٹیز، ضلع کونسل، لوکل گورنمنٹ، ہیلتھ اور لائیوسٹاک سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور

ڈی پی او گجرات کی موٹر سائیکل اسکواڈ کو جرائم کی روک تھام کی ہدایات

شہریوں کے تحفظ کے لیے پٹرولنگ نظام مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ

گجرات: (سٹی رپورٹر) ڈی پی او گجرات اختر فاروق کی سٹی سرکل کے یوسی موٹر سائیکل اسکواڈ کے افسران و جوانوں کے ساتھ اہم میٹنگ۔ میٹنگ کے دوران پٹرولنگ کے نظام، شہریوں کے تحفظ اور جرائم کی مؤثر روک تھام کے حوالے سے خصوصی ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈی پی او گجرات نے جوانوں کو مکمل یونیفارم اور اسلحہ کے ساتھ ڈیوٹی سرانجام دینے اور نظم و ضبط، پیشہ ورانہ طرزِ عمل اور قانون کی مکمل پاسداری کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ اور بہترین پولیسنگ گجرات پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ملہووالی میں عظمتِ صحابہؓ و استحکامِ پاکستان کانفرنس، ہزاروں افراد شریک

علماء کرام نے اتحادِ امت اور قومی یکجہتی پر زور دیا

ملہووالی میں سالانہ عظمتِ صحابہؓ و استحکامِ پاکستان کانفرنس، ہزاروں افراد کی شرکت (خالد عمران سے) تفصی